ماہنامہ روحانی

آئینہ قسمت

آفاقی معلومات کا علمبردار

جنوری ۲۰۰۶

سید انتظار حسین شاہ

بیاد حضرت میراں حسین زنجانیؒ پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ لاہور

A.B.C سے باقاعدہ منظور شدہ اشاعت

روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت

آفاقی تعلیمات کا علمبردار

جلد نمبر 58 | JANUARY 2006 | شمارہ نمبر 10

فہرست مضامین

قیمت 35 روپے

سالانہ چندہ 400 روپے

لائف ممبرشپ 7000 روپے

بیرون ممالک سالانہ چندہ

لائف ممبرشپ 505 ڈالر

مڈل ایسٹ 2000 روپے

انڈیا، ایران، سری لنکا 2000 روپے

یورپ، فار ایسٹ 3000 روپے

امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 3000 روپے

ہیڈ آفس

فون: 042-5752277، 042-5872277

فیکس: 042-5755253

موبائل: 0300-9456949

کاشانۂ زنجانی D-125 گلبرگ II، لاہور

کراچی آفس

فون: 021-2217544

موبائل: 0300-2110467

کاشانۂ زنجانی آرام باغ روڈ کراچی - 74200

سید انتظار حسین زنجانی ایڈیٹر/ پبلشر نے حیدری پریس ریلوے روڈ لاہور سے چھپوا کر کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ 2 لاہور سے شائع کیا

حمد باری تعالیٰ

سوئی قسمت کو جگا دے یا رب!

ہم کو انسان بنا دے یا رب!
سوئی قسمت کو جگا دے یا رب!
یہ ترے بندے نہ بھٹکیں ہر گز
راہ تو سیدھی دِکھا دے یا رَب!
باغِ رضواں کی ہے خواہش دِل میں
سیر ہم کو بھی کرا دے یا رَب!
تو نے جب پیدا کیا ہے تو پھر
زندہ رہنا بھی سکھا دے یا رَب!
لوگ کرتے ہیں جو دُنیا میں ستم
ان کی ہستی کو مٹا دے یا رَب!
اپنے بندوں کے ذرا سینوں میں
نقش توحید جما دے یا رَب!
جو بھی ہیں بھٹکے ہوئے اُن کو تو
سیدھے رستے پہ چلا دے یا رَب
ہوں نہ محتاج کبھی تیرے سوا
ہم کو تو ایسا بنا دے یا رَب!
جو اُسے راہ تری دکھلائے
شمسؔ کو ایسی پلا دے یا رَب!

نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم

چار سُو پھیلا اُجالا کوئی

چار سو پھیلا اُجالا کوئی
چاند نکلا کہ ستارا کوئی
آپؐ کا دیکھ کے جلوہ سب نے
اور دیکھا ہی نہ جلوہ کوئی
آپؐ نے موجوں کا رُخ موڑ دیا
تھا نہ محفوظ کنارا کوئی
وہ ہی اِک چاند تھا جس کے آگے
دوسرا چاند نہ چمکا کوئی
آپؐ نے کی جو نظر رحمت کی
پھر تو بادل یہاں برسا کوئی
وہ بھی آخر گل و گلزار بنا
سامنے آیا جو صحرا کوئی
فیضیاب ہو کے گیا ہے وہ ہی
جو بھی در پر ترے آیا کوئی
روشنی پھیلی زمانے بھر میں
شمعِ دِیں آکے بُجھاتا کوئی
مجھ کو سرکار بلائیں گے ضرور
دے مجھے شمسؔ دِلاسا کوئی

نذرانہ عقیدت: مرزا شمس الحسن شمسؔ

حضرت علی علیہ السلام ابن ابی طالب امیر المومنین کی پیش گوئیاں

مولف کتاب: آغا گل۔ اسلام آباد

امیر المومنینؑ مسجد کوفہ میں منبر پر بیٹھے ہوئے خطبہ ارشاد فرما رہے تھے۔ رمضان المبارک کا مہینہ تھا۔ خطبہ کے دوران آپ نے منبر کے دائیں جانب نگاہ دوڑائی تو حضرت امام حسنؑ کو بیٹھے ہوئے دیکھا۔ پوچھا:

☆......﴿ ''بیٹے اس ماہ کے کتنے دن باقی رہ گئے ہیں؟'' جواب دیا'' تیرہ دِن باقی رہ گئے ہیں۔'' پھر بائیں طرف حضرت امام حسینؑ کو بیٹھے ہوئے دیکھ کر سوال کیا'' ''بیٹے! اس ماہ کے کتنے روز گزر گئے ہیں۔'' جواب ملا'' سترہ دن'' یہ سن کر امیر المومنینؑ نے ریش مبارک پر ہاتھ پھیرتے ہوئے فرمایا:'' اس ماہ میں میری داڑھی کو میرے سر کے خون سے وہ شخص خضاب کرے گا جو اس امت کا بدبخت ترین فرد ہوگا۔ قبیلہ مراد کا ایک نامراد میری موت کا خواہاں ہے جبکہ میں اس کی بھلائی چاہتا ہوں۔''﴾

اس پیشگوئی کے دوسرے روز یعنی **19** رمضان المبارک کو عبدالرحمان ابن ملجم مرادی نے مسجد کوفہ میں آپ کے سر پر ضرب لگائی جس کے اثر سے آپ **21** رمضان کو شہادت پا گئے۔ امیر المومنینؑ کی شہادت کوئی معمولی واقعہ نہیں تھا بلکہ ایک عظیم سانحہ تھا۔ پیغمبرؐ خدا نے بھی کئی بار اس کا ذکر فرمایا تھا۔ جنگ خندق میں عمر بن عبدود نے امیر المومنینؑ کے سر پر ایسی ضربت لگائی تھی کہ سر مبارک سے لہو جاری ہوا تو رسولؐ خدا نے اپنے دست مبارک سے اس زخم کو باندھتے ہوئے فرمایا:

''میں اس وقت کہاں ہوں گا جب اس سر کے خون سے اس داڑھی کو رنگین کریں گے۔''

اس سے بھی زیادہ تفصیل اس پیشگوئی میں ہے جس کے راوی خود امیر المومنینؑ ہیں۔ فرماتے ہیں کہ رسولؐ خدا ماہ شعبان کے آخری جمعہ میں ماہِ رمضان کی فضیلت میں خطبہ ارشاد فرما رہے تھے۔ خطبہ کے اختتام پر میں نے کھڑے ہو کر سوال کیا:

''یا رسول اللہ! اس ماہ مبارک میں بہترین اعمال جمیع کیا ہے؟''

آنحضرتؐ نے فرمایا:

''اے ابوالحسن! بہترین اعمال اس ماہِ مبارک میں محرماتِ الٰہی سے پرہیزگاری ہے۔''

پھر آپ نے ارشاد فرمایا:

''اے علی اس ماہ میں جو کچھ تم پر گزرے گی کیا وہ تم جانتے ہو؟ گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ تم مشغولِ نماز ہو اور ناقہ صالح کی کونچیں کاٹنے والے کی طرح اولین و آخرین کا بدبخت ترین شخص اُٹھا ہے اور اُس نے تمہارے سر پر ضربت لگائی اور تمہاری داڑھی کو تمہارے سر کے خون سے رنگین کر دیا۔''

پیغمبرِ خدا کے بعد ایک یہودی عالم نے جناب امیرؑ کی خدمت میں حاضر ہو کر چند مسئلے پوچھے۔ ان میں سے ایک مسئلہ یہ بھی پیش کیا گیا کہ:'' آپ کے نبی کا وصی آپ کے پیغمبرؐ کے بعد کتنے سال زندہ رہے گا''

امیر المومنینؑ نے جواب دیا:'' تیس سال'' یہودی نے پوچھا: '' وصی مرے گا یا قتل ہوگا۔'' جناب امیرؑ نے فرمایا:'' قتل ہوگا۔ ایک ضربت اس کے سر پر ماریں گے اور اس کی داڑھی اس کے خون سے خضاب ہوگی۔''

امیر المومنینؑ جب جنگ نہروان سے واپس ہوئے تو ایک یہودی نے آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر سوال کیا کہ:'' ہر پیغمبر کے وصی پر سات مصیبتیں نازل ہوتی ہیں۔ کیا آپ پر بھی کوئی مصیبت نازل ہوئی ہے؟'' آپ نے فرمایا:

'' دوسری مصیبتیں تو نازل ہو چکی ہیں البتہ ایک مصیبت باقی ہے جس کا نزول قریب ہے اور وہ ہے کہ یہ داڑھی خون سے تر ہوگی۔''

عبدالرحمٰن ابن ملجم یمن کا باسی تھا اور قبیلہ بنی مراد سے تعلق رکھتا تھا۔ حضرت عثمانؓ کے دورِ خلافت میں مصر چلا گیا اور وہیں آباد ہو گیا۔ محمد بن ابوبکر جب مصر کے گورنر مقرر ہوئے تو انہوں نے اشرافِ مصر کا ایک وفد حضرت علیؑ کی خدمت میں بیعت کے لئے بھیجا۔ عبدالرحمٰن بھی اس وفد میں

شامل تھا اور فہرست اسامی اسی کے ہاتھ میں تھی۔ جناب امیرؑ نے نامہ اور فہرست اسامی پڑھی اور عبدالرحمٰن ابن ملجم کے نام تک پہنچے تو فرمایا:

"تم ہی عبدالرحمٰن ابن ملجم ہو۔" اس نے عرض کیا "ہاں! یا امیر المومنینؑ میں ہی ہوں" اس کے بعد اس نے ایک خوبصورت اور آبدار تلوار ہدیتاً امیرالمومنینؑ کی خدمت میں پیش کی۔ آپ نے تبسم فرماتے ہوئے کہا:

"اس تلوار کو اپنے پاس ہی رکھو۔ تم کو اس کی ضرورت پڑے گی اور تم اسی کے ذریعہ سے اپنے مقصد تک پہنچ جاؤ گے۔"

پھر امیرالمومنینؑ نے ارکانِ وفد سے فرداً فرداً بیعت لی لیکن ابن ملجم کی بیعت لینے سے انکار کیا۔ ابن ملجم اصرار کرتا رہا اور آپ انکار کرتے رہے۔ اس کے متواتر اصرار سے جناب امیرؑ بیعت لینے پر مجبور ہو گئے۔

بیعت کے بعد آپ نے فرمایا:

"اے ابن ملجم اپنی بیعت سے نہ پھرنا۔"

وہ قسم کھاتا رہا کہ وہ بیعت سے سرِ انحراف نہیں کرے گا۔ امیر المومنینؑ نے ایک مرتبہ پھر تاکید فرمائی کہ بیعت سے منحرف نہ ہونا۔ عبدالرحمٰن نے تکرار کی وجہ پوچھی۔ آپؑ نے فرمایا:

"کیونکہ عبدالرحمٰن ابن ملجم ہی میرا قاتل ہوگا۔" یہ سن کر عبدالرحمٰن انتہائی خوفزدہ ہو گیا اور کھڑے ہو کر عرض کیا کہ:

"میں خدا کی پناہ چاہتا ہوں۔ اس گمان سے۔ میں درخواست کرتا ہوں کہ آپ میرے ہاتھ کاٹنے کا حکم صادر فرمائیں یا مجھے اذیت ناک طریقہ سے قتل کرا دیں۔" جناب امیرؑ نے فرمایا:

"تم نے ابھی تک نہ کوئی جرم کیا ہے جس کی تمہیں سزا دوں اور نہ کوئی قتل کیا ہے کہ قصاص لوں۔ میں ایسے شخص کو کیونکر سزا دے سکتا ہوں۔ جس نے ابھی تک کوئی جرم نہ کیا ہو۔"


یہ سن کر ابن ملجم مزید عاجزی و انکساری کا اظہار کرتا رہا۔ جناب امیرؑ نے فرمایا:

"اے ابن ملجم! میں خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ تم اپنے عہد و پیمان پر قائم نہیں رہو گے۔"

آپ نے اسے ایک عمدہ گھوڑا عطا کیا اور وقتاً فوقتاً اس پر بخشش و احسان فرماتے رہے۔ الغرض آپ کی یہ پیشگوئی بھی حرف بحرف پوری ہوئی اور اسی خبیث نے انیسویں ماہِ رمضان شب جمعہ کو بوقت طلوع صبح بحالت رکوع آپ کے سر مبارک پر تلوار کا وار کیا اور اسی کے اثر سے آپ اکیسویں رمضان **40** ہجری کو شہادت سے سرفراز ہوئے۔

☆ ...... امیر المومنینؑ نے فرمایا "قرآن کے نام کے سوا ان کے پاس کچھ نہ ہوگا۔ یہ اس کی خط و کتابت کے علاوہ کچھ نہ جان سکیں گے۔ (نہج البلاغہ)"

پیشگوئی کے مطابق قرآن مجید کے حقائق و معارف بھول جائیں گے صرف اس کے الفاظ اور فصاحت و بلاغت کو اصل قرآن اور محض کاغذ و روشنائی کے مجموعہ اوراق کو اصل کتاب سمجھ لیں گے۔ روح قرآن اور احکاماتِ الٰہی کو بالائے طاق رکھ دیں گے۔ پیشگوئی کے مطابق جلد مسلمانوں اور اسلامی حکومتوں میں ایسا ہی ہونے لگا اور یہ سلسلہ آج تک جاری ہے۔ پیشگوئی کے مطابق مسلمان قرآن مجید کی خط و کتابت کے علاوہ اب تو کچھ بھی نہیں جانتے' وہ قرآن کے احکام و اوامر کو بھول گئے ہیں لیکن اس کے حروف پر اس قدر توجہ دی کہ الفاظ قرآن کو سونے' چاندی کی تختیوں' ہاتھی دانت کی گولائیوں اور حریر دیبا کی چادروں پر سونے چاندی کے پانی سے لکھ ڈالا۔ مسجدوں کی محرابوں' قبروں کے کتبوں اور محلات و عمارات کے صحنوں پر کندہ کرا دیا۔ اس کی آیتیں کلمات اور حروف تک کو شمار کر ڈالا بلکہ یہ تک بھی گن لیا کہ اس میں کتنے "الف" کتنے "ب" اور دوسرے حروف ہیں اور اس کے اعراب تک کا شمار کر ڈالا لیکن قرآن حکیم جس امر کے لئے نازل کیا گیا تھا اس پر کوئی عمل نہیں کرتا۔ اپنی نوعیت کے لحاظ سے یہ پیشگوئی بظاہر ناقابل تسلیم تھی مگر صدیوں کے عمل میں پیشگوئی اپنی پوری توانائی سے ظاہر ہوئی۔ بڑے بڑے علماء محض قواعد زبان' گرامر اور لفظوں کے حسن میں کھو کر رہ گئے۔ بعض من پسند تاویلیں کرنے لگے۔ کچھ مجددِ زبان بن گئے اور بحیثیت مجموعی *Neologistical* انداز اختیار کر لیا۔ قرآن حکیم کو بادشاہوں کے جلو میں پلنے والے علمائے سو کی میراث سمجھ کر مسلمانوں نے انہی پر تکیہ کر لیا۔ بادشاہوں نے ایسے علماء کو پروان چڑھا کر مسلمانوں کے خلاف *Pressure Group* قائم کر لیا اور مذہب کے نام پر ظلم کا بازار گرم کر دیا۔ قدیم مصری فراعین کی طرح اقتدار کی مثلث قائم کر لی۔ فرعون' پروہت اور جنرل کے نمونہ پر *Administrative Hierarchy* بنائی۔ بادشاہ (ظل اللہ)' علماء دین کے نمائندے اور جنرل طاقت کا سرچشمہ مارشل لاء کا بید (ڈنڈا) لئے پھرتا ہے۔ اب تک اسلامی ممالک میں مثلث بعینہٖ قائم ہے۔ نامون یا عہدوں کا فرق ہو تو الگ بات ہے۔ اپنے دور کی ہی کسی اسلامی ملک کی انتظامیہ کا جائزہ لے لیجئے۔ دُنیا کے 57 اسلامی ملک اس کی جیتی جاگتی تصویر ہیں۔ جہاں ڈکٹیٹر خدا کے نام پر حکومت کر رہے ہیں امریکی صدر کا انگوٹھا چوس کر۔



دربار مصطفائی کا روحانی فیض

آسمانی کونسل میں نظرات سیارگان کی عملیات وتعویذات کی تیاری میں ایسے ہی اہمیت رکھتی ہے جیسے جسم میں روح کی ہو۔ مندرجہ ذیل اوقات تربیع میں نحس اعمال جبکہ تسدیس' تثلیث اور قران (بشرطیکہ قران نحس کواکب کا نہ ہو) میں سعد اعمال کیے جاتے ہیں۔

قارئینِ آئینہ قسمت! چند سال سے آپ نے' اِس کالم میں تبدیلی محسوس کی ہوگی۔ نظر سیارگان کی اِبتداء' اِنتہا اور خاتمہ کے اوقات عملیات کو شامل کرکے ہم نے عاملینِ' شائقین عملیات کے لئے آسانی پیدا کردی ہے۔ اب یہ الجھن ختم ہوگئی کہ فلاں سیارے کی نظر کب بن کر کب ختم ہوگی۔ اب عملیات کی تیاری میں پورے پورے وقت سے استفادہ کیا جاسکتا ہے۔ نقشہ ساعت (جو اگلے صفحہ پر ہے) سے جو ہر دن طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے اپنے شہر کے طلوع آفتاب سے متعلقہ ستارے کی ساعت دیکھ کر اس ساعت میں تیار کیا گیا عمل اور بھی مؤثر ہو جاتا ہے۔ سالنامہ زنجانی جنتری 2005ء میں بھی ہم نے اہم سالانہ نظرات سیارگان تفصیلی درج کیے ہیں۔ ہماری خدمت باعث فخر بھی بن سکتی ہے جب آپ وقتاً فوقتاً اپنے تبصروں سے نوازتے رہیں۔ **عامل شاہ زنجانی**

نظرات سیارگان کے عملیات برائے جنوری 2006ء

کسی بھی عمل کی ابتداء سے پہلے 2 رکعت نماز اجمالاً ہدیہ روح حضرت رسالت پناہ ﷺ مع سائر انبیاءؑ عظائمؓ اور اولیاء کرامؒ پڑھیں۔ پھر مخصوص بہ نیت رجال الغیب مردان خدا جس سمت یہ اس روز کھڑے ہوں ان کی طرف باادب رخ کر کے دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی اس سمت کھڑی کر کے درج ذیل دعا مع ایک بار بسم اللہ شریف پڑھ کر سات بار پڑھیں۔ رجال الغیب کی تواریخ کا چارٹ حسب ذیل ہے۔ عمل کرتے وقت رجال الغیب کی جانب اپنی پشت رکھیں۔

جنوب مشرق 24`16`09`01	جنوب مغرب 25`17`10`02	جنوب 26`18`11`03	مغرب 27`19`12`04
شمال مغرب 00`20`13`05	شمال مشرق 28`21`00`06	مشرق 29`22`14`07	شمال 30`23`15`08

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا رِجَالُ الْغَیْبِ وَیَا اَرْوَاحُ الْمُقَدَّسَۃ اَعِیْنُوْنِیْ بِقُوَّۃٍ وَ انْظُرُوْنِیْ بِنَظْرَۃٍ یَا رُقَبَاء یَا نُقَبَاء یَا نُجَبَاء یَا اَبْدَال یَا اَوْتَاد یَا قُطْب یَا غَوْث اَعِیْنُوْنِیْ بِحُرْمَۃ مُحَمَّد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ وَ عَلٰی آلِہٖ وَاَ صْحَابِہٖ اَجْمَعِیْن

روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت میں تمام اعمال نیک نیتی کی بناء پر عاملین وقارئین کے استفادہ کے لئے دیئے جاتے ہیں۔ جائز کام میں تو اللہ اور اس کا رسولؐ بھی مدد کرتے ہیں۔ ناجائز عمل کرنے سے باز رہیں ورنہ سخت رجعت بھی ممکن ہے۔ بہرحال جب بھی کوئی عمل کریں تو لازم ہے کہ عمل کی رجعت سے بچنے کے لئے 6 کلو چینی' ایک کلو سوجی یا بارہ کلو باجرہ دو کلو چاول اپنے سر سے وار کر رکھ لیں۔ بعد از عمل استعمال سے پہلے کسی بھی قبرستان جا کر عامل شاہ زنجانی کا اور اپنا اہلِ قبور کو سلام عرض کریں اور فاتحہ خوانی کر کے درختوں کی جڑوں میں حشرات الارض کو صدقہ ڈال دیں اور صدقہ ڈالنے کے بعد پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔ یہ صدقہ صرف ایک عمل کے لئے ہے۔ دوسرے عمل کے لئے علیحدہ صدقہ دیں۔

ساعات کی ترتیب آپکے شہر کیطلوع آفتاب سے شروع ہوتی ھے

شمار	پہلی								دوسری							تیسری							چوتھی	
دن	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ

پاک ہے وہ ذات جس نے سال' مہینے' دِن بنائے اور آسمان پر گردش کرتے ہوئے کواکب سے انہیں آراستہ کیا۔آسمان پر رقص کرتے ہوئے ستارے آپس میں دوستی' دشمنی کی نظرات بناتے ہوئے ہی دراصل ہمارے کرہ ارض پر اچھے برے اثرات حکم (اللہ) سے مرتب کرتے ہیں۔غور وفکر کرنے والے نجمین' عالمین' کاملین ان اوقات میں اپنے پسندیدہ اعمال کرتے ہیں۔علم مومن کی کھوئی ہوئی میراث ہے جہاں سے ملے اسے حاصل کرلیں۔علم کے بغیر عمل نہیں اور عمل کے بغیر ردعمل ممکن نہیں۔**2006** جسے ہم نے معلم سال کا نام دیا ہے۔آج اس کے ابتدائی ماہ جنوری کی نظرات ہم شائقین وقارئین کی دلچسپی وعمل کے لئے پیش کرتے ہیں۔معلم سال آپ کو بہت کچھ سیکھانے آرہا ہے۔خود بھی سیکھیں اور دوسروں کو بھی سیکھائیں۔نیک عمل کریں ورنہ زندگی یوں ہی گزر جائے گی اور اپنے مالک کے سامنے حاضری زندگی' بے بندگی' شرمندگی سے ہوسکتی ہے۔کوئی بندہ بشر شرمندگی نہیں چاہے گا کہ اپنے مالک کے آگے شرمندہ ہو۔آج عمل کا وقت ہے' عمل کریں یا نیک عملیات۔ (**منجم شاہ زنجانی**)

عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی
یہ خاکی اپنی فطرت میں نہ نوری ہے نہ ناری ہے

تثلیث شمس مریخ

اس سعد وقت کی ابتداء **31** دسمبر **18** بجکر **21** منٹ' مکمل نظر **2** جنوری ایک بجکر **23** منٹ' خاتمہ نظر **3** جنوری **8** بجکر **52** منٹ پر ہوگا۔ برائے تسخیر خلق' افسران بالا کیلئے سورۃ یوسف کا خالی البطن نقش ساعت شمس میں لکھ کر باپرہیز پاس رکھیں دیگر درخت انار یا پھر آم کے درخت کے ساتھ بھی دو نفل حاجت کے پڑھ کر لٹکا سکتے ہیں۔نیکی پائیں۔

۷۸۶		
۴۱۹۹۸	۳۳۵۹۸۸	۱۲۵۹۹۴
۲۰۹۹۹۰	یہاں مقصد لکھیں	۲۹۳۹۹۰
۲۵۱۹۹۲	۱۶۷۹۹۲	۸۳۹۹۶

تسدیس شمس و مشتری

اس سعد وقت کی ابتداء **3** جنوری **9** بجکر **27** منٹ' مکمل نظر **4** جنوری **13** بجکر **15** منٹ' مکمل نظر **5** جنوری **16** بجکر **59** منٹ پر ہوگی۔ترقی و منزلت' حصول دولت' ناموری کیلئے سورۃ مزمل کا نقش ساعت مشتری میں لکھ کر باپرہیز پاس رکھیں۔نیک ہے۔

۷۸۶		
۵۷۳۰	۴۵۸۴۶	۱۷۱۹۰
۲۸۶۵۰	یہاں مقصد لکھیں	۴۰۱۱۶
۳۴۲۳۸۶	۲۳۹۲۰	۱۱۴۶۰

تثلیث عطارد مریخ

اس سعد وقت کی ابتداء 12 جنوری 20 بجکر 15 منٹ، مکمل نظر 13 جنوری 15 بجکر 39 منٹ، خاتمہ نظر 14 جنوری 11 بجکر 2 منٹ پر ہوگا، جاری کاموں کو قائم رکھنے، کاروباری امور الغرض ہر قسم کی ترقی کیلئے نقش نادِ علیًا باپرہیز لکھ کر پاس رکھیں۔ بٹر پیپر کاغذ عربی طرز میں لکھے گئے نقش کے اوپر رکھ کر مقررہ وقت پر ٹریس لیں۔ نقش باپرہیز لکھ کر پاس رکھیں فیض پائیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نادِ	علیًا	مظہر	العجائب	تجدہ	عونًا	لک	فی النوائب	کل	ہم
علیًا	مظہر	العجائب	تجدہ	عونًا	لک	فی النوائب	کل	ہم	وغم
مظہر	العجائب	تجدہ	عونًا	لک	فی النوائب	کل	ہم	وغم	سینجلی
العجائب	تجدہ	عونًا	لک	فی النوائب	کل	ہم	وغم	سینجلی	بعظمتک
تجدہ	عونًا	لک	فی النوائب	کل	ہم	وغم	سینجلی	بعظمتک	یا اللہ
عونًا	لک	فی النوائب	کل	ہم	وغم	سینجلی	بعظمتک	یا اللہ	بنبوتک
لک	فی النوائب	کل	ہم	وغم	سینجلی	بعظمتک	یا اللہ	بنبوتک	یا محمد
فی النوائب	کل	ہم	وغم	سینجلی	بعظمتک	یا اللہ	بنبوتک	یا محمد	بولایتک
کل	ہم	وغم	سینجلی	بعظمتک	یا اللہ	بنبوتک	یا محمد	بولایتک	یا علی
ہم	وغم	سینجلی	بعظمتک	یا اللہ	بنبوتک	یا محمد	بولایتک	یا علی	یا علی
وغم	سینجلی	بعظمتک	یا اللہ	بنبوتک	یا محمد	بولایتک	یا علی	یا علی	یا علی

قرانِ شمس و زہرہ

شمس کی قربت اگرچہ ہر ستارے کو غروب کر دیتی ہے۔ جدید علم نجوم کی تحقیق کے مطابق اس وقت بھی شمس وقمر کے گرہنوں کی طرح اس میں بھی عمل کیے جاسکتے ہیں۔ اس سعد وقت کی ابتداء 13 جنوری 14 بجکر 17 منٹ، مکمل نظر 14 جنوری 4 بجکر 58 منٹ، خاتمہ نظر 14 جنوری 19 بجکر 40 منٹ پر ہوگا۔ اس وقت پاکیزہ محبت، روحانیات بڑھانے کیلئے درود شریف کثرت سے پڑھیں اور نقش مہر نبوت لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔

۷۸۶

۳۷	۳۰۶	۱۱۱
۱۸۵	نام بمعہ والدہ مقصد لکھیں	۲۶۹
۲۳۲	۱۴۸	۷۴

تسدیس عطارد مشتری

اس سعد وقت کی ابتداء 13 جنوری 5 بجکر 51 منٹ، مکمل نظر 13 جنوری 22 بجکر 30 منٹ، خاتمہ نظر 14 جنوری 15 بجکر 6 منٹ پر ہوگا۔ حل المشکلات ہر قسم میں نقش نادِ علیًا ساعت مشتری میں بنا کر باپرہیز اپنے پاس رکھیں۔

۷۸۶

۱۵۹۶	۱۶۰۹	۱۶۰۶	۱۶۰۳
۱۶۰۷	۱۶۰۲	۱۵۹۷	۱۶۰۸
۱۶۰۱	۱۶۰۴	۱۶۱۱	۱۵۹۸
۱۶۱۰	۱۵۹۹	۱۶۰۰	۱۶۰۵

مقابلہ مریخ مشتری

اس نحس وقت کی ابتداء 10 جنوری 13 بجکر 29 منٹ، مکمل نظر 15 جنوری 14 بجکر 25 منٹ، خاتمہ نظر 19 جنوری 19 بجکر 32 منٹ پر ہوگا۔ حاسدین کو زیر و سزا دینے کے لئے سورۃ فیل کا خالی البطن نقش ساعت

مریخ میں لکھ کر احاطہ قبور میں دفن کریں۔ ناجائز ہرگز نہ کریں ورنہ رجعت کا اندیشہ ہے۔

۷۸۶		
۱۴۶۴	۳۹۰۷	۶۸۸
۳۴۱۹	یہاں مقصد لکھیں	۲۴۴۰
۹۷۶	۱۹۵۲	۲۹۳۱

قران عطارد زہرہ

اس سعد وقت کی ابتداء 17 جنوری 9 بجکر 37 منٹ، مکمل نظر 17 جنوری 20 بجکر 31 منٹ، خاتمہ نظر 18 جنوری 7 بجکر 27 منٹ پر ہوگا، فنونِ لطیفہ، علم وادب، حسن وزیبائش، شعبہ آرٹ کے ہر قسم کے حصولِ علم کے لئے ساعت زہرہ میں سورۃ یوسف کا خالی البطن نقش بنا کر باپرہیز پاس رکھنا نیک ہے۔

۷۸۶		
۱۲۵۹۹۴	۳۳۵۹۸۸	۴۱۹۹۸
۲۹۳۹۹۰	یہاں مقصد لکھیں	۲۰۹۹۹۰
۸۳۹۹۶	۱۶۷۹۹۲	۲۵۱۹۹۲

تثلیث زہرہ مریخ

اس سعد وقت کی ابتداء 22 جنوری 11 بجکر 7 منٹ، مکمل نظر 23 جنوری 15 بجکر 24 منٹ، خاتمہ نظر 24 جنوری 20 بجکر 54 منٹ پر ہوگا۔ جائز الفت ومحبت، پیار بڑھانے کیلئے یا پسند کی شادی کے لئے ساعت زہرہ میں سورۃ یوسف کے سات خالی البطن نقش لکھیں۔ جمعرات تا بدھ چھ دن مسلسل ساعت زہرہ میں درخت انار یا آم کے درخت کے ساتھ دعا کر کے باندھیں۔ ساتواں نقش بوقت جمعہ باپرہیز گلے میں پہن لیں اور قرآنی اعجاز ملاحظہ فرمائیں۔

۷۸۶		
۱۲۵۹۹۴	۳۳۵۹۸۸	۴۱۹۹۸
۲۹۳۹۹۰	یہاں مقصد لکھیں	۲۰۹۹۹۰
۸۳۹۹۶	۱۶۷۹۹۲	۲۵۱۹۹۲

قران شمس وعطارد

جدید نجوم میں اس سعد وقت کی ابتداء 25 جنوری 15 بجکر 13 منٹ، مکمل نظر 27 جنوری 2 بجکر 30 منٹ، خاتمہ نظر 28 جنوری 13 بجکر 4 منٹ پر ہوگا۔ ذہنی تخلیقی صلاحیتوں، ہمت وحوصلہ بڑھانے کیلئے سورۃ یٰسین کے خالی البطن نقش کو لکھ کر ساعت عطارد میں پاس رکھنا نیک ہے۔

۷۸۶		
۵۵۳۵۰	۱۴۷۶۱۰	۱۸۴۵۰
۱۲۸۱۶۰	یہاں مقصد لکھیں	۹۲۲۵۰
۳۶۹۰۰	۷۳۸۰۰	۱۱۰۷۱۰

تسدیس زہرہ مشتری

یہ اس ماہ کی سب سے خوبصورت اور سعد نظر ہے۔ اس سعد نظر کی ابتداء 25 جنوری 15 بجکر 39 منٹ، مکمل نظر 28 جنوری صفر بجکر 27 منٹ، خاتمہ نظر 31 جنوری 7 بجکر 44 منٹ پر ہوگا۔ اپنی مالی، دنیاوی عزت و توقیر بڑھانے کیلئے سورۃ یوسف کے خالی البطن نقش کو باپرہیز طریقے سے بنا کر پاس رکھیں نیکی پائیں۔

۷۸۶		
۱۲۵۹۹۴	۳۳۵۹۸۸	۴۱۹۹۸
۲۹۳۹۹۰	یہاں مقصد لکھیں	۲۰۹۹۹۰
۸۳۹۹۶	۱۶۷۹۹۲	۲۵۱۹۹۲

مقابلہ عطارد زحل

اس نحس وقت کی ابتداء 27 جنوری 4 بجکر 38 منٹ، مکمل نظر 27 جنوری 18 بجکر 2 منٹ، خاتمہ 28 جنوری 7 بجکر 24 منٹ پر ہوگا۔ حاسدین، مخالفین کی املاک وکاروباری بندش ونقصان کے لئے سورۃ لہب کا خالی البطن نقش ساعت زحل میں لکھ کر ساعت زحل میں ہی احاطہ قبور میں دفن کریں۔ ناجائز ہرگز نہ کریں ورنہ رجعت کا زبردست اندیشہ ہے۔

۷۸۶		
۱۴۵۵	۲۸۸۶	۴۸۵
۳۴۰۱	یہاں مقصد لکھیں	۲۴۲۵
۹۷۰	۱۹۴۰	۲۹۱۶

نوٹ: جو بہن بھائی خود یہ عمل تیار نہ کر سکیں وہ عامل شاہ زنجانی سے رجوع کریں

نادِ علیؑ شریف

از: میاں جاوید اقبال

اس ماہ ایک ایسا عمل پیش کر رہا ہوں جس کے متعلق اکثر میرے دوست مختصراً لکھتے رہے ہیں لیکن آج میں ذرا تفصیل سے مضمون لکھ رہا ہوں تا کہ بعض دوستوں کی خواہش تھی کہ اس پر تفصیلی مضمون جاندار قسم کا لکھیں۔ نادِ علیؑ کے متعلق لکھنے سے پہلے چند سطور اُن معصومین کے نام جن کو قربانی دینا پڑی کیونکہ اکثر علماء نے کہا ہے کہ یہ زلزلہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک امتحان تھا۔ لیکن میں اس بات سے اختلاف رکھتا ہوں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے کبھی بھی اپنی بنائی ہوئی دُنیا کو اتنے بڑے امتحان میں نہیں ڈالا بلکہ وہاں کوئی ضرور اتنا بڑا ظلم ہوا ہے جس سے قدرت الٰہیہ ماہِ رحمت میں جوش میں آ گئی۔ اس سانحہ کے چند روز قبل اسی علاقہ میں ایک پٹھان نے دوسرے پٹھان سے شادی کر کے دوسرے معصومین کو بھی سزا دلوادی۔

پیارے قارئین! اس تمام آفات کے متعلق میں نے ماہ جون کے شمارہ میں صفحہ نمبر 23 پر اپنے ایک مضمون میں وبال زحل وبال جان اور ماہ ستمبر کے مضمون ''اسرار الجفر'' کے صفحہ نمبر 28 میں اس زلزلہ کے متعلق بھی پیش گوئی کی اور اس میں ہزاروں جانیں جانے کا ڈر کے متعلق (ماہ اکتوبر میں) لکھا ہوا اور اس سے بچنے کیلئے نقش اور عملیات بھی دیئے ہوئے ہیں شاید اس بات کو اتنی اہمیت نہ دی گئی بحرحال اس افسوسناک واقعہ پر انتہائی دِلی دکھ ہوا ہے جس سے تقریباً 86 ہزار کے قریب اموات واقع ہوئی ہیں لاکھوں لوگ بے گھر ہو گئے ہیں اللہ تعالیٰ ان کو جوارِ رحمت میں جگہ دے کیونکہ یہ بالکل معصوم تھے۔ جن کو پتہ بھی نہ تھا کہ 9 سیکنڈ کے اندر اندر اُن پر کیا قیامت ٹوٹ پڑی ہے بلکہ جگہ جگہ پر زمین اس طرح پھٹ گئی تھی ایسا لگتا تھا جس طرح قیامت کا منظر ہو۔

قارئین کرام! نادِ علیؑ شریف کے متعلق اکثر حضرات آگاہ ہیں کہ اس کی اہمیت فضیلت کیا ہے؟ نادِ علیؑ شریف حضرت امیر المومنین مولائے مشکل کشا حضرت علیؑ ابن ابی طالب سے منسوب ہے اور نادِ علی شریف کو تمام مومنین و آئمہ معصومینؑ مطہرین بزرگان دین اور علماء نے وِرد میں رکھا اور انہیں کے بقول کلمات نادِ علیؑ میں اسم اعظم پوشیدہ ہے جو کوئی بھی اس کو جائز نیت و مقصد کی خاطر پڑھے گا انشاء اللہ بفضل خدا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

اسرافیل — کہیعص

عزرائیل — حمعسق

ناد	علیا	مظہر	العجائب	تجدہ	عونالک	فی النوائب	کلہم
علیاً	مظہر	العجائب	تجدہ	عونالک	فی النوائب	کلہم	وغم
مظہر	العجائب	تجدہ	عونالک	فی النوائب	کلہم	وغم	سینجلی
العجائب	تجدہ	عونالک	فی النوائب	کلہم	وغم	سینجلی	بنبوتک
تجدہ	عونالک	فی النوائب	کلہم	وغم	سینجلی	بنبوتک	یامحمد
عونالک	فی النوائب	کلہم	وغم	سینجلی	بنبوتک	یا محمد	بولایتک
فی النوائب	کلہم	وغم	سینجلی	بنبوتک	یا محمد	بولایتک	یا علی
کلہم	وغم	سینجلی	بنبوتک	یامحمد	بولایتک	یا علی	یا علی

اُس کی ہر جائز حاجت ومقصد بر آئیگا اور خدائے بزرگ و برتر ضرور اس کلام کے صدقے حاجت روائی اور مشکل کشائی و دستگیری فرمائیں گے۔

قارئین آئینہ قسمت! اس کے متعلقہ وہ عملیات ونقوش آپ کی نظر ہیں جو کہ قدیم زمانہ سے بزرگان دین کے زیر استعمال رہے ہیں اور اس کی برکات سے فیض حاصل کرتے رہے۔ بزرگان دین اور علماء اہل یقین سے منقول ہے اس نادِ علیؑ شریف کو تکسیر کر کے مربع ہشت در ہشت میں لکھے یا اپنے پاس رکھے یا ہر روز اس کو دیکھے یہ برکت اس نقش معظم کے تمام آفتوں ارضی وسماوی سے محفوظ رہے گا اور نظر خلائق میں عزیز ہوگا ہر قسم کے مقابلہ میں فتح ونصرت ہوگی۔

یہ نقش مبارک نہایت قدیم کتابوں میں اعداد نادِ علی سے منسوب ہے۔ دافع جمیع آفات بلیات وسحر وجادو کیلئے بازو یا گردن میں باندھے یہ نقش مبارک نہایت مفید ومجرب ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ o

جبرائیل

١١٢٨	١١٣٢	١١٣٥	١١٢١
١١٣٤	١١٢٢	١١٢٧	١١٣٣
١١٢٣	١١٣٧	١١٣٠	١١٢٦
١١٣١	١١٢٥	١١٢٤	١١٣٦

نادِ علی بلا مؤکل: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ o ناد علیا مظهر العجائب تجده عونالک فی النوائب کل هم و غم سینجلی بعظمتک یا الله و بنبوتک یا محمد و بولایتک یا علی یا علی یا علیo

نادِ علی با مؤکل: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ o ناد علیا یا حولائیل مظهر العجائب یا رویائیل تجده عونا یا عزرائیل لک فی النوائب یا طاطائیل کل هم و غم یا حروزائیل سینجلی و بعظمتک یا الله یا رفتمائیل و بنبوتک یارفتمائیل یا محمد یا سراکتیائیل و بولایتک یا علی یا علی یا علی یا رفتمائیلo

دعوت نادِ علی شریف

اگر کوئی شخص دعوت نادِ علی دینا چاہے تو سب سے پہلے شاہ زنجانی صاحب سے باقاعدہ اجازت لے کیونکہ اس کی دعوت میں اکثر مؤکلات کی حاضری ہوتی ہے بغیر اجازت نقصان کے ذمہ دار آپ خود ہونگے۔ ویسے بھی اس کی دعوت سے اللہ ومولا مشکل کشاء کا قرب حاصل ہوتا ہے۔ دعوت میں نیت چلہ کی 41 یوم کی کرے اور روزانہ 660 مرتبہ نادِ علیؑ کا ورد کرے اگر مؤکلات کی حاضری مطلوب ہو تو نادِ علی با مؤکل گیارہ گیارہ مرتبہ درودِ ابراہیمؑ کے علاوہ اعتصام واختتام بھی ادا کرے۔

اعتصام: یَا اللّٰهُ الۡمَحۡمُوۡدُ فِیۡ کُلِّ فَعَالِهٖ یَا اللّٰهُ الصَّمَدِیُ الۡمَدَدِیُ وَ عَلَیۡکَ مُحَمَّدِیُ o

5 مرتبہ پڑھے پھر 660 مرتبہ نادِ علیؑ کا ورد کرے۔

اختتام: یَا اَبَا الۡغَیۡثِ اَغِثۡنِیۡ الۡمُسۡتَغِیۡثِیۡنَ یَا عَلِیُّ الۡمُرۡتَضٰی اَدۡرِکۡنِیۡ وَ امۡدِدۡنِیۡ فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰهِ وَ بِرَحۡمَتِکَ یَا اَرۡحَمَ الرّٰحِمِیۡنَ o

5 مرتبہ پڑھے اور اس سے پہلے 660 مرتبہ نادِ علیؑ کا ورد مکمل کرے۔

یہ چلہ اگر مؤکل کی حاضری کیلئے کرے گا تو نادِ علیؑ با مؤکل تعداد 660 مرتبہ ہوگی اور اگر نیت صرف اللہ تعالیٰ اور امیر المومنین مولائے مشکل کشاءؑ کا قرب حاصل کرنا ہے تو نادِ علیؑ بلا مؤکل تعداد 330 مرتبہ 41 یوم ورد کرے اگر کوئی شخص اس کا چلہ کرتا ہے تو پھر کبھی بھی کسی اور چلے کی ضرورت نہ رہے گی اور نہ ہی اس کا عامل کسی کا محتاج ہوگا جس کیلئے بھی دعا کرے گا وقت سے قبل ہی پوری ہو جائیگی۔ دعوت سے پہلے نقش تکسیر نادِ علیؑ کسی سعد وقت مشک وزعفران سے لکھ کر عامل دائیں بازو کے ساتھ باندھے یہ بہت ضروری ہے۔ اس سے عمل بہت زیادہ پُر تاثیر ہو جائے گا۔

پرہیز: اگر نادِ علیؑ کی دعوت دینا منظور ہو تو سب سے پہلے شاہ زنجانی صاحب سے باقاعدہ اجازت لیں اس کے بعد پرہیز جلالی و جمالی کریں۔ صرف جو کی روٹی اور ابلا ہوا پانی استعمال کریں۔ کپڑا ان سلا یعنی احرام کی شکل کا استعمال کریں اور کسی ایسے کمرے کو منتخب کریں کہ دوران عمل کوئی ڈسٹرب نہ کر سکے اور نہ ہی عامل کے علاوہ کوئی دوسرا انسان اُس کمرے میں جا سکے۔ نماز پنجگانہ اپنائے۔

فضیلت نادِ علی شریف

نادِ علیؑ کی طرح نقوش نادِ علی بھی بہت سریع التاثیر ہیں یہ دینی ودُنیاوی تمام مصائب سے چھٹکارہ حاصل کرنے کیلئے بہت سریع

التاثیر ہیں نادِعلیؑ شریف کے ہزاروں فوائد ہیں اس کی جتنی بھی تعریف کی جائے اتنی ہی کم ہے لیکن پھر بھی اس کے چند فوائد درج کر رہا ہوں۔

برائے حصولِ علم و حکمت: علم وحکمت کا مقام حاصل کرنے کیلئے ہر روز نماز فجر کے بعد ستر (70) مرتبہ قبلہ رو کھڑے ہو کر ورد کرنے سے علم وحکمت کا اعلیٰ مقام ملتا ہے۔

اسرار کشف: اسرار کشف کیلئے 41 یوم ہر نماز کے بعد (111) مرتبہ پڑھنے سے کشف کے دروازے کھل جاتے ہیں۔

خاتمہ امراض کہنہ: اگر ایسا مرض ہو جس سے مریض کے علاوہ ڈاکٹر صاحبان بھی عاجز آ چکے ہوں تو آب نیساں پر 110 مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور مریض کو وہ پانی پلائیں انشاء اللہ لا علاج مرض فوراً ختم ہوگا۔

سحر و جادو کے خاتمہ کیلئے: اگر کوئی شخص سحر و جادو میں مبتلا ہو اور کسی طریقہ سے بھی اس کا خاتمہ نظر نہ آتا ہو تو 5 (پانچ) کنوؤں کا پانی لا کر 70 مرتبہ پڑھ کر دم کریں سحر و جادو کے زیر اثر آدمی کو پلائیں اور اس کے کمرے کے کونوں میں چھڑکیں تو انشاء اللہ ہر قسم کا سحر و جادو ختم ہوگا۔

نظر بد: اگر کسی کو بار بار نظر بد کی شکایت رہتی ہو تو تین دنوں میں 111 مرتبہ نادِعلی پڑھیں اور شیشے کے گلاس میں پانی پر دم کریں اور نظر بد لگنے والے کو پلائیں نقش مشک و زعفران سے لکھ کر اس کے گلے یا دائیں بازو کے ساتھ باندھیں۔

حصول دولت: دست غیب، حصول عزت و دولت وتمنا کیلئے روزانہ تا حصول 99 مرتبہ اس نیت سے ورد کریں۔ لیکن پابندی خاص یہ ہے کہ اس کا ذکر کسی سے نہ کریں وگرنہ عمل باطل ہو جائے گا۔ دوران عمل مشک و زعفران سے لکھا ہوا نقش پاس ہو۔

نجاتِ دشمن: اگر کوئی بلا وجہ تنگ و پریشان کرتا ہو اور اس سے عزت و جان کا ڈر ہو اور اس کے علاوہ دوسرے مسلمانوں کیلئے مہلک وخطرناک ثابت ہو اور اپنی اصلاح کی طرف دھیان نہ دیتا ہو تو کسی مسجد سے پاک مٹی لا کر اس پر 70 مرتبہ نادِعلی پڑھے اور دشمن کے تمام برے افعال کے خاتمہ کا تصور کرے پھر مٹی پر دم کر کے دشمن کے گھر پھینک دے انشاء اللہ دشمن نیست و نابود ہوگا اور دشمن وہ علاقہ چھوڑ جائیگا۔

دشمن دوست ہو: اگر دشمن کو نقصان پہنچائے بغیر اس کو دوست بنانا مقصود ہو تو ہر فرض نماز کے بعد صرف ایک مرتبہ نادِعلی کا ورد کریں انشاء اللہ بہت جلد دشمن مطیع و فرمانبردار اور سرنگوں رہے گا۔ نقش کو لازمی پاس رکھیں۔

الزام تراشی سے بچنے کیلئے: اگر کسی پر ناجائز تہمت لگائی گئی ہو اور کسی طرح بھی کوئی اس کی بات کو اہمیت نہ دیتا ہو تمام بہتان باندھنے والوں کے منہ بند کرنے کیلئے نادِعلیؑ روزانہ بعد از نمازِ عشاء 40 مرتبہ پڑھیں اس کا نقش پاس رکھ کر اگر ورد کرے گا تو ہمیشہ دشمنوں کے منہ بند رہیں گے۔

رنج و غم دور ہو: اگر کسی کو کوئی ایسا غم لگ جائے جو دن بدن بڑھتا رہے اور اس وجہ سے صحت گرتی جا رہی ہو دماغی امراض میں مبتلا ہونے کا اندیشہ ہو تو کھڑے ہو کر 110 مرتبہ پڑھیں پھر سٹیل یا لوہے کے گلاس میں پانی بھریں اور کھڑے کھڑے ہی دم کریں پھر اس میں نقش جو کہ زعفران سے لکھا گیا ہو ڈالیں صبح نہار منہ روزانہ پئیں جتنا پانی پئیں اتنا ہی اُس میں اور ڈال دیں۔

فتح و نصرت کیلئے: ترقی اور اونچے عہدے پر فائز ہونے کیلئے تا حصولِ مقصد روزانہ ہر فرض نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالیں اور نقش کو لکھ کر اپنے گلے میں ڈال لیں۔

شان و شوکت کیلئے: شان وشوکت کیلئے روزانہ دس مرتبہ پڑھیں پہلے دن سے روز بروز پڑھنے کے ساتھ ساتھ عزت و جاہ میں اضافہ ہوتا چلا جائیگا۔

برائے حُب: مرد ہو یا عورت اگر جائز شادی کے خواہش مند ہوں لیکن مطلوب نہ مانتا ہو تو روزانہ نادِعلیؑ دس مرتبہ پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے اپنے منہ پر پھیر لیا کریں اور نقش کو اپنے داہنے بازو کے ساتھ باندھیں انشاء اللہ مطلوب خود شادی کا پیغام بھیجے گا۔ لیکن ناجائز جگہ یہ عمل نہ کریں۔

زبان بندی: اگر کسی مرد و عورت کی خاطر خواہ زبان ضرورت سے زیادہ تیز چلتی ہو اور وہ اپنی زبان سے دوسروں کی عزت کو اُچھالتا ہو اور اس مقصد کو سامنے رکھ کر 10 مرتبہ ورد کریں انشاء اللہ بہت جلد اس کی زبان بندی ہو جائے گی اور وہ اپنی زبان کا غلط استعمال نہ کریگا۔

عداوت سے بچنے کیلئے: اگر کوئی مخالف بغض و عداوت کی بناء پر ہر طرح سے نقصان پہنچانے کیلئے سرگرداں ہو تو اس کو برے افعال سے باز رکھنے کیلئے روزانہ ہر فرض نماز کے بعد 5 مرتبہ پڑھ کر دشمن کا تصور کر کے اس پر دم کر دیا کریں۔ مخالف اپنے ہی بنائے ہوئے جال میں پھنس جائے گا اور کسی پر کوئی حرف بھی نہ آئیگا۔

تسخیر ہمزاد

سید شعیب الرحمن شاہ: ایبٹ آباد

ہمزاد کی چلہ کشی کیلئے اکثر لوگ پریشان حال رہتے ہیں اکثر لوگ جاہل عاملوں سے ہمزاد کا عمل لیکر چلہ شروع کر دیتے ہیں اور اس میں وہ ناکام ہوتے ہیں۔ ہمزاد کا عمل کوئی بچوں کا کھیل نہیں میں نے ایسے عاملوں کو دیکھا ہے کہ لوگوں کے ساتھ دھوکہ کر کے انہیں عمل بھی دیتے ہیں اور ساتھ میں اجازت بھی دیتے ہیں۔ دُنیا میں کم لوگ ہی چلہ کشی میں کامیاب ہوتے ہیں۔ انسان اگر سچے دِل سے ارادہ کرے اور اللہ پاک کی عبادت دِل لگا کر اور باقاعدگی سے نماز پڑھتا رہے تو اللہ پاک ان کو ہر کام میں کامیاب کر دیتے ہیں۔ ہمزاد کی چلہ کشی کیلئے چند شرائط مندرجہ ذیل ہیں۔

☆ عامل جب عمل کرنے بیٹھ جائے تو دِل میں کسی طرح کی سوچ موجود نہ ہو۔ ☆ عامل کی قوت ارادی مضبوط ہو۔ ☆ کسی اُستاد کامل سے اعمال کی اجازت لیں اس میں اپنے پیرو مرشد سے بھی اجازت طلب کریں جس سلسلہ سے وہ بیعت ہوں۔ اُستاد محترم جس طرح فرمائیں اس میں ذرا شک دِل میں نہ لائیں اور ان کی اجازت سے عمل شروع کریں بغیر اجازت رجعت شدید میں گرفتار ہونگے دیوانوں کی طرح کوچہ بہ کوچہ پھریں گے مگر اس کا کوئی علاج نہ ہوگا۔ ☆ عامل جھوٹ سے پرہیز کرے۔ ☆ عمل کے دوران روزہ رکھے اور محتاجوں کو خوش رکھے اور اُن سے محبت کرے۔ ☆ عمل شروع کرنے سے پہلے صدقہ دینا اور محتاجوں کو کھانا کھلانا ضروری ہے۔ ☆ ترک حیوانات جلالی و جمالی کریں۔ بدبودار چیز نہ کھائیں اس لئے کہ ہمزاد اس سے نفرت کرتا ہے۔ جب کوئی شخص عمل پڑھنے بیٹھتا ہے تو ہمزاد حاضر ہوتا ہے اگر عامل کے منہ سے پڑھتے وقت بو نکلے گی تو ہمزاد پریشان ہو کر بددعا دے گا اور واپس چلا جائیگا۔ ☆ عمل کیلئے ایک الگ مکان کا بندوبست کریں جہاں عوام الناس کا گزر نہ ہو اور کمرے میں کوئی سامان وغیرہ بھی نہ ہو۔ مگر جس کمرے میں عمل کریں اس کمرے میں سونا نہیں ہے۔ ☆ عمل شروع کرنے سے پہلے تین کلو مٹھائی لا کر اس پر گیارہ مرتبہ سورۃ فاتحہ، گیارہ مرتبہ سورۃ اخلاص اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ثواب حضرت محمد ﷺ اور حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کو بخش دیں اور ایک عدد چراغ لیکر وہ کمر کی پشت پر رکھ کر عمل روزانہ **1100** مرتبہ پڑھیں۔ یہ عمل کل گیارہ دِن کا ہے۔ عمل کے دوران طرح طرح کی آوازیں سنائی دیں گی مگر آپ نے اپنی پڑھائی سے کام رکھنا ہے اور ایک خالی بوتل اپنے پاس رکھیں جب ہمزاد حاضر ہو جائے تو اس کو کہہ دیں کہ اے ہمزاد بہ حکم خداوند کریم اس بوتل میں آ جاؤ۔ جب اس سے عہد کر لیں تو اسے نشانی لیکر بوتل سے آزاد کر کے رخصت کر دیں۔ اس عمل کی اجازت کسی عامل کامل یا براہِ راست شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی صاحب سے حاصل کریں۔ اجازت لینا شرط ہے۔ یہ عمل روزانہ **1100** مرتبہ پڑھیں۔ یہ عمل میرے پاس دستیاب ہے کہیں اور دستیاب نہ ہوگا۔ آخر

(بقیہ صفحہ نمبر 43 پر ملاحظہ فرمائیں)

عزیمت تسخیر ہمزاد: عَزَّمْتُ عَلَيْكُمْ يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالْاَرْوَاحِ بِحَقِّ يَا لَطِيفُ تَلَطَّفْتَ بِاللُّطْفِ وَاللُّطْفُ فِیْ لُطْفِ لُطْفِکَ يَا لَطِيفُ بِحَقِّ حضرت سليمان عليه السلام بن داؤد عليه السلام اُحْضُرو احضروا احضروا يا قوم همزاد حاضر شو بِحَقِّ يَا حَیُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ○

نقوش و عمل

وجع الاعصاب

صدری مجرب

محمد طارق حسین کرمانی۔ چک مغل

محترم قارئین! میں آپ کو عصبی دردوں کے متعلق کچھ معلومات اور ادویہ اور روحانی علاج عرض کروں گا تاکہ اللہ تعالیٰ کے بندے اس سے فیض حاصل کرسکیں اگرچہ ہر درد اعصاب ہی میں محسوس ہوا کرتا ہے اور کوئی درد ایسا نہیں جس میں اعصاب ماؤف نہ ہوں مگر ہر درد کو عصبی درد نہیں کہا جاتا بلکہ محض ان دردوں کو عصبی درد کہا جاتا ہے جو نفس اعصاب اور ان کی شاخوں کے محاذی نمودار ہوتا ہے اور جس میں اندرونی اسباب سے نفس اعصاب ماؤف ومتاذی ہو جاتے ہیں ورم حار وغیرہ سے جو درد ہوا کرتا ہے اسے عصبی درد نہیں کہا کرتے عصبی درد علی العموم بہت ہی شدید ہوا کرتے ہیں اور ان کی شدت کے دورے اور نوبتیں ہوا کرتی ہیں اور اس مقام کی جلد ذکی الحس اور دردناک ہوتی ہے بشرطیکہ اصل اعصاب ماؤف کی شاخیں جلد میں پھیل رہی ہوں عصبی دردوں کے نام یا مقام ماؤف کے لحاظ سے رکھے جاتے ہیں یا اسباب کے لحاظ سے مثلاً وجع الوجہ (چہرے کا عصبی درد) وجع القحدوہ (گدی کا عصبی درد) وجع فوق الحجر (بالائے ابرو کا درد یا عصابہ) وجع القطن (کمر کا درد) وجع بین الاضلاع (پسلیوں کے درمیان کا درد) وغیرہ ان ناموں میں مقام کا لحاظ کیا گیا ہے اسی طرح وجع الفقری (فقر الدم کا عصبی درد) وجع نقرس (نقرس کا عصبی درد) وجع ذیابیطس (ذیابیطس کا عصبی درد وعلی ہذا وجع افرنجی (آتشک والا) وجع اجامی (موسمی بخار والا وغیرہ بعض اوقات سبب کہیں ہوتا ہے اور انعکاس کے طور پر درد کسی دوسرے مقام میں محسوس ہوتا ہے۔ مثلاً سنگ مثانہ میں عصبی شرکت کی وجہ سے درد اینٹھن اور رانوں میں محسوس ہوتا ہے ایسے درد کو وجع انعکاسی کہتے ہیں۔ عصبی دردوں کی شدت کے لئے اگرچہ وقت متعین نہیں کیا جا سکتا مگر اکثر اوقات اس کی شدت رات کے وقت ہوا کرتی ہے۔ عصبی درد عصب ماؤف کے علاوہ ان تمام مقامات میں بھی پھیلتا ہے جہاں جہاں اس کی شاخیں پھیلتی ہیں مثلاً کہنی کے اندرونی جانب عصب زندی پر چوٹ لگنے یا دباؤ ڈالنے سے اس مقام کے علاوہ کلائی میں دور تک اور انگلیوں میں جھنجناہٹ یا سنسناہٹ محسوس ہوتی ہے۔

اسباب عصبی درد کے اسباب کو مندرجہ ذیل عنوانات میں گنایا جا سکتا ہے (۱) خون کا سوء مزاج یعنی خون کے ترکیبی اجزاء کا بگڑ جانا اس میں وہ سارے امراض مؤثر ہوسکتے ہیں جو خون کی ترکیب کے بدلنے میں دخل رکھتے ہیں مثلاً وہ اپنے سمی اور فاسد مواد خون میں شامل کر دیتے ہیں جیسے آتشک گٹھیا' نقرس' حمیات اجامیہ' ذیابیطس (جس سے خون میں شکر کے اجزاء غیر طبعی طور پر بڑھ جاتے ہیں) یا وہ کسی وجہ سے اجزاء خون کی پیدائش میں اثر انداز ہو جاتے ہیں مثلاً سوء القنیہ (فقر الدم) کے اقسام (۲) عصبی ہیجان (انعکاسی ہیجان) مثلاً کسی دانت کا بوسیدہ ہو جانا' ہڈی کا مردہ ہو جانا' سلعات واکیاس اورام و خراجات ان اسباب سے متعلقہ اعصاب متاذی ہوتے ہیں ان میں انعکاسی درد لاحق ہوتے ہیں انعکاسی درد کی ایک اچھی مثال ورم جگر میں مثانہ کے پاس درد کا نمودار ہونا بھی ہے کیونکہ عصیب حجابی حجاب حاجز میں پھیلتا ہے اور اس کی چند شاخیں جگر کے عصبی جال (ضطیرہ کبدیہ) سے بھی ارتباط پیدا کرتی ہے اس طرح سنگ مثانہ اور ریگ مثانہ کی صورت میں حشفہ پر درد اور خارش ہوتی ہے (۳) وراثت: گاہے یہ درد موروثی طور پر والدین سے اولاد میں منتقل ہوتا ہے جس کی ماہیت کا بتانا ذرا دشوار امر ہے۔ (۴) عصبی امراض: گاہے اختناق الرحم جیسے دیگر عصبی امراض سے بھی عصبی درد نمودار ہوتا ہے۔ (۵) ضرب وجراحت: گاہے اعصاب کے مضروب ہونے یا اُن کے کاٹنے سے بھی اس قسم کا درد پیدا ہو جاتا ہے جیسا کہ ہاتھ پاؤں کے کاٹ ڈالنے اور ان کے الگ کر لینے (ابتر عضو) کے بعد اکثر ظاہر ہوا کرتا ہے۔ وجع الاعصاب کی کثیر الوقوع اقسام یہ ہیں۔ عصابہ شقیقہ عرق النساء وجع بین الاضلاع لیکن قلیل الوقوع انواع یہ ہیں۔ وجع فخذی' وجع قطنی بطنی' وجع عمقی قحدوی' وجع الدی عصابہ اور شقیقہ عرق النساء' وجع بین الاضلاع (پسلیوں کے درمیان کا درد یا سینہ کا درد اس میں زیادہ تر پشت کے چھٹے اعصاب سے نویں اعصاب کی ایسی شاخیں جو کہ سینہ میں سامنے کی طرف پھیلتی ہیں جتلا ہوا کرتی ہیں۔ عورتوں میں یہ درد دائیں جانب کی

نسبت زیادہ تر بائیں جانب ہوا کرتا ہے۔ عورتوں میں یہ درد عموماً سوء القنیہ (کمی خون) اختناق الرحم کثرت حیض سیلان الرحم کی وجہ سے ہوتا ہے اور مردوں میں سردی لگنے اور کمی خون وغیرہ سے لاحق ہوتا ہے۔ گاہے مہروں کے امراض اور سل کی وجہ سے اور گاہے ذات الجنب کے افاقہ کے بعد بھی اس قسم کا درد نمودار ہوا کرتا ہے۔ علامات: درد کی نوبت کے وقت اعصاب بین الاضلاع کے متوازی سینہ کے پہلو میں اور سامنے درد ہوتا ہے جو کھانسنے' چھینکنے' ہاتھ ہلانے اور لمبا سانس لینے سے ترقی پذیر ہوتا ہے۔ درد کے ان مقامات کو دبانے سے قدرے سکون ملتا ہے۔ ہاں اگر مہروں کے سنا سن کے پاس مخرج اعصاب پر اور پسلیوں کے درمیان کی فضاؤں میں نیز اعظم القص کے قریب غفاریں کے درمیان اگر دباؤ ڈالا جائے تو درد بڑھ جاتا ہے اور مریض کو اذیت پہنچتی ہے نوبت رفع ہونے کے بعد بحالت وقفہ مقام ماؤف میں چیونٹی رینگنے' سن ہو جانے اور سردی لگنے کی سی کیفیت معلوم ہوتی ہے۔ یہ مرض گاہے بعض اقسام نملہ (نملہ تاریہ) کے آغاز میں دیکھا جاتا ہے۔ تشخیص: یہ درد بعض اوقات ذات الجنب کی ابتداء اور وجع الجنب سے مشتبہ ہو جاتا ہے لیکن وجع الجنب میں درد عضلات میں ہوتا ہے جو ان عضلات کی حرکت کے وقت ترقی پذیر ہوتا ہے اور ذات الجنب سے اس کی تشخیص اس طرح حاصل ہو سکتی ہے کہ ذات الجنب میں دیگر علامات موجود ہوتی ہیں اور اس میں یہ بات نہیں پائی جاتی ہے۔ مخرج اعصاب کا تشنجی درد ہے جو ران اور پنڈلی پر پھیل جاتا ہے یہ درد عرق النساء کے خلاف ران' پنڈلی اور ٹخنہ کی اگلی اور اندرونی جانب نیز پشت پا پر انگوٹھے اور برابر انگلی (سبابہ) میں ہوتا ہے جس کی وجہ اکثر خراش گردہ یا سرد زمین پر چت لیٹنا ہے وجع قطنی بطنی (کمر اور شکم کا درد) یہ ان اعصاب کا درد ہے جو پشت کے زیریں حصہ کو سرین اور شکم کے سامنے اعضائے تناسل وغیرہ میں جاتے ہیں یہ درد مندرجہ ذیل مقامات میں محسوس ہوتا ہے کمر کے پہلے مہرہ کے بیرونی کنارے پر کولھے کی ہڈی کے درمیانی مقام میں خامرہ کے اگلے بالائی خار کے اندرونی جانب سرین اور آلات تناسل میں وجع عنقی قمحدوی (گردن اور گدی کا درد) یہ گردن کے بالائی چار اعصاب کا درد ہے جو گردن اور پشت سر و پشت گردن (گدی) پر ہوتا ہے یہ درد بہت قلیل الوقوع ہے مگر جب ہوتا ہے تو نہایت شدت کے ساتھ ہوتا ہے جس کی وجہ سے مریض کے لئے سر ہلانا سخت دشوار ہو جاتا ہے۔ وجع عضدی (گردن اور بازو کا درد) گردن کے زیریں چہار اور پشت کے پہلے عصب کی حسی شاخوں کا درد

ہے جو گردن کے پچھلے زیریں حصے میں بازو کے بالائی پچھلے حصے میں کلائی کی اندرونی اور پچھلی جانب ہوتا ہے اور گاہے انگلیوں تک پہنچ جاتا ہے وجع الثدی (درد پستان) یہ عصب فوق الترقوہ کی ایک شاخ کا درد ہے جو پستان کا حسی عصب ہے۔ اسباب اکثر اوقات عورتوں کو عنفوان شباب سے تیس سال تک رحم اور خصیۃ الرحم کے امراض سوء القنیہ (کمی خون) مدت دراز تک دودھ پلانے' کثرت طمث یا عسر طمث وغیرہ سے درد پستان پیدا ہو جاتا ہے اسی طرح گاہے اختناق الرحم حمیات اجامیہ (موسمی بخار) لکان فکر و تردد کی زیادتی اور مرطوب مقام میں قیام کرنا بھی باعث مرض بن جاتا ہے لیکن مردوں میں یہ مرض قلیل الوقوع ہے اس قسم کا درد اکثر اوقات وجع بین الاضلاع (پسلیوں کے درد) کے ساتھ پایا جاتا ہے علامات پستان کے مختلف مقامات پر دبانے سے درد ہوتا ہے جو شانہ اور بغل تک اور گاہے ہاتھ تک پھیل جاتا ہے یہ درد شدید قسم کا ہوتا ہے اور عام طور پر ایام حیض سے قبل نمودار ہوتا ہے۔ غلبہ کی شدت میں تے بکثرت آتی ہے۔ چھاتیوں کے بے سہارا ہونے اور لٹکنے کی صورت میں درد شدید ہو جاتا ہے اور عضو ماؤف بار معلوم ہوتا ہے۔ علی ہذا ماؤف جانب سونا دشوار ہو جاتا ہے۔ بسا اوقات یہ مرض عرصہ تک قائم رہتا ہے اور سرطان کا شبہ ہوتا ہے۔ عصبی اوجاع کی تشخیصی علامات: عصبی درد اعصاب کے متوازی اکثر اوقات ایک جانب باری کے طور پر خفت یا شدت سے ہوا کرتے ہیں لیکن باری کے وقت شدید ہو جاتے اور وقفہ کی حالت میں گاہے قطعاً غائب ہو جاتے ہیں اور ایسے مقامات پر دبانے سے جہاں یہ اعصاب ہڈیوں کے سوراخوں میں نفوذ کر کے جلد کے نیچے پھیلتے ہیں' درد بڑھ جاتا ہے۔ ماؤف مقامات کی پرورش اور قوت حس و حرکت میں کم و بیش خلل آ جاتا ہے اور ورم حار کی تمام بدنی یا مقامی علامات نہیں پائی جاتی ہیں اکثر عصبی اوجاع خاص خاص اسباب سے کچھ خصوصی لگاؤ رکھتے ہیں مثلاً حمیات اجامیہ سے عصب فوق الحجر کا درد (عصابہ) گٹھیا سے عرق النساء اور درد قمحدوہ (گدی کا درد) فقر الدم سے معدہ و امعاء کا عصبی درد عصبی اوجاع کا علاج دو حصوں میں منقسم ہے اندرونی علاج اور بیرونی علاج: اندرونی علاج کی دو اہم معاصد ہیں ازالہ سبب بدنی تقویت ازالہ سبب کیلئے حتی الامکان سبب کو غور کے ساتھ تلاش کرنا چاہئے اگر کہیں جسم غریب کا پتہ چلے اور اندازہ قائم ہو سکے کہ یہی بیرونی جسم شاید عصبی درد کا سبب ہے تو اس کے خارج کرنے کیلئے مناسب تدابیر کام میں لائیں مثلاً بندوق کی گولی کہیں بند ہو کسی جگہ کی ہڈی مردہ ہو گئی ہو کوئی دانت بوسیدہ ہو کہیں

رسولی دباؤ ڈال رہی ہو یا آنتوں میں سدہ ہو اس طرح اگر نقرس وجع مفاصل (گھٹیا=مدار) آتشک ذیابیطس سوء القنیہ فقر الدم حمیات اجامیہ وغیرہ موجود ہوں درد عصبی درد ان سے وابستہ ہو تو ان امراض کے علاج و مداوا کی طرف متوجہ ہوں مثلاً نقرس اور گھٹنے کیلئے سورنجاں شیریں اور کچلہ کے مرکبات استعمال کرائیں فقر الدم آتشک اور حمی اجامیہ کیلئے مرکبات سیماب وسم الفار وغیرہ بدنی تقویت کیلئے زود ہضم اور مقوی غذائیں مثلاً بیضہ نیمرشت یخنی دودھ وغیرہ ہضم کی تقویت اور اصلاح کیلئے ہاضم دوائیں استعمال کریں مثلاً جوارش جالینوس وغیرہ اصولی حفظان کی پابندی کرائیں صبح و شام کی چہل قدمی اور باغات کی سیر کرائیں درد کے دورہ کے وقت مسکنات درد استعمال کرائیں مثلاً مرکبات افیون دوالشفاء اجوائن خراسانی وغیرہ مقامی علاج عضو ماؤف کی تکور کرنا (تکمید) لوہا گرم کر کے اس مقام پر پھیرنا آبلہ ڈالنا (تنفیط) واغناء کے نوع و ہیجان پیدا کرنے کی غرض سے اس مقام کو حتی دخردل وغیرہ سے سرخ کر دینا (تحمیر مسکن او جاع ادویہ مثلاً افیون کا لگانا اور مالش کرنا یا جلد کے نیچے داخل کرنا گا ہے عصب ماؤف کو سوئی سے چھید جاتا ہے اور کھینچا جاتا ہے یا کاٹا جاتا ہے گاہے برف کے استعمال سے اعصاب کی ذکاوت حس کو کم کیا جاتا ہے علاج بہ اصول تنقیہ ان دردوں میں یہ بھی مفید ثابت ہوا کرتا ہے کہ حسب دستور پہلے منضج پلا کر چند سہل سے برف کا تنقیہ کر دیا جائے ان مسہلات میں حسب ایارج جس میں ایلو (جز و اعظم ہے) کو خاص ترجیح حاصل ہے۔ (صداع) درد شقیہ اور عصابہ میں ان کے نسخہ جات اور ترکیب استعمال ہیں۔ امراض مفاصل یعنی جوڑوں کی بیماریاں) وجع المفاصل یعنی جوڑوں کا درد مختلف وجوہات کی وجہ سے ہو سکتا ہے۔ مثلاً (۱) اکیوٹ (یومائز) (۲) گوؤٹ یعنی نقرس (۳) ریوماٹائیڈ آرتھرائی ٹس (۴) اسٹیو آرتھرائی ٹس (۵) گانو کاکل آرتھرائی ٹس (۶) ٹی بی آرتھرائی ٹس ان بیماریوں میں سے گوؤٹ یعنی نقرس ایک میٹابالک بیماری ہے باقی جوڑوں کے درد کچھ ریاحی ہیں کچھ انفیکٹو یعنی سرائتی ان کا اب علیحدہ علیحدہ ذکر کیا جائے گا۔

(1) اکیوٹ گوؤٹ یعنی نقرس: یہ مرض مردوں میں عورتوں کی نسبت بہت زیادہ پایا جاتا ہے زیادہ تر بڑی عمر والے اس سے متاثر ہوتے ہیں گرم ملکوں کی نسبت ٹھنڈے ملکوں میں زیادہ پایا جاتا ہے خاص کر ایسے علاقوں میں جہاں انگور کی میٹھی شراب زیادہ پی جاتی ہو بعض خاندانوں میں یہ قدرتی طور پر زیادہ پایا جاتا ہے۔ ہمارے ملک پاکستان میں اس کے مریض کم دیکھنے میں آتے ہیں زیادہ گوشت خوری' زیادہ شراب نوشی' زیادہ موٹاپا' زیادہ آرام طلبی' زیادہ فکر و پریشانی اور اس کے علاوہ فوری طور پر کوئی دوسری بیماری جیسے زکام' کھانسی اور گلے کی خرابی اس کا پیش خیمہ بن سکتے ہیں۔ بیماری عام طور پر چھوٹے جوڑوں خاص طور پر پاؤں کے انگوٹھے سے شروع ہوا کرتی ہے اس مرض کی ایک بڑی وجہ پیشاب میں اور خون میں یورک ایسڈ کی زیادتی ہوتی ہے بیماری عام طور پر ایک ہی جوڑ میں محدود رہتی ہے بیماری کا عمل عموماً آدھی رات کو شروع ہوتا ہے متاثرہ جوڑ میں سخت درد اُٹھتا ہے اور بخار چڑھ جاتا ہے۔ بخار بعض اوقات کافی تیز ہوتا ہے یعنی ۱۰۲ تا ۱۰۳ تک پہنچ جاتا ہے درد بہت پریشان کرتا ہے صبح اُٹھ کر معلوم ہوتا ہے کہ سارا انگوٹھا خاص طور پر جوڑ کے مقام پر سے متورم ہو گیا ہے اور دیکھنے میں سرخ اور چمکدار نظر آتا ہے علاج معالجہ کے بعد تقریباً تین چار دن کے بعد ورم اترنا شروع ہو جاتا ہے اس بیماری میں جوڑوں میں پیپ پڑتی نہیں دیکھی گئی۔ عام طور پر ٹھیک ہونے پر جوڑ بالکل صحیح ہو جاتا ہے لیکن مرض نقرس میں عام طور پر بار بار یعنی ہر پانچویں چھٹے مہینے دورے پڑتے رہتے ہیں اور ہر دورے کے بعد کچھ نہ کچھ نقص جوڑ کے اندر باقی رہ جاتا ہے۔ بعض اوقات دورہ اتنا شدید نہیں ہوتا جیسے کہ اوپر بیان کیا گیا ہے کئی بار ایسے بھی ہوتا ہے کہ شدید دورہ پوری طرح ٹھیک نہیں ہو پاتا بلکہ کچھ درد باقی رہ جاتا ہے اور لگاتار تھوڑی بہت تکلیف یعنی جوڑ کا درد باقی رہتا ہے۔ ایسی حالت کو نقرس مزمن یعنی کرانک گوؤٹ کہتے ہیں۔ گوؤٹ کے لگاتار حملے عموماً دل اور گردوں کیلئے نقصان دہ ثابت ہوتے ہیں کرانک گوؤٹ میں عام طور پر جوڑوں اور کانوں کی لوؤں میں چھوٹے چھوٹے دانے بن جاتے ہیں انہیں ٹوفائی (Tophi) کہتے ہیں ان ٹوفائی میں یورک ایسڈ کرسٹل ہوتے ہیں۔ علاج: پروفی نڈ صبح' شام کھانے کے بعد اس کے ساتھ جیلوسل یا ٹرائی سل ضرور استعمال کروائیں تاکہ تیزابیت زیادہ ہونے سے معدے کو نقصان نہ پہنچے۔ (۲) وال ٹیرین ۵۰ ملی گرام ڈائی کلونی لیک Voitaten ایک گولی صبح ایک شام (اصلی ڈی رجسٹر ہو گئی ہے اور تائیوان کی رجسٹر کر لی گئی ہے اندازہ کریں کہ یہ کیا ہے؟ (۳) ڈیکے ڈران (ڈیکسا میتھاسون) Decadrontab ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک شام (۴) مکسچر سوڈا اسیلی سلاس Mixt-Sodsalicylas ایک خوراک دن میں تین دفعہ (۵) زائی لوریک گولیاں ۳۰۰ ملی گرام (ایلو لیبوری نال) Zyloric (۶) پروبنی سیڈ Probenecid ۵۰۰ ملی گرام دن میں چار دفعہ دیں یہ یورک ایسڈ خارج کرنے میں مدد دیتا ہے۔ لیکن اس کے ساتھ اگر مکسچر سوڈا اسیلی سلاس پلایا جائے تو اس کا اثر ختم ہو جاتا ہے۔

(2) گانوکاکل آرتھرائی ٹس Gonococcai Arthritis اس بیماری میں مختلف جوڑ متورم ہوجاتے ہیں بخار چڑھتا ہے جوڑ سخت درد کرتے ہیں یہ بیماری گانوکاکائی یعنی سوزاک کے جراثیم کی وجہ سے ہوتی ہے عموماً سوزاک کے حملے کے چار پانچ ہفتے بعد اس بیماری کا حملہ ہوتا ہے مردوں میں یہ بیماری عورتوں کی نسبت زیادہ پائی جاتی ہے۔ اگر سوزاک کی ہسٹری معلوم ہو تو تشخیص میں آسانی رہتی ہے۔

علاج: (۱) پروکین پنسلین چار لاکھ Procaine Peemicilline ایک ٹیکہ روزانہ دس دن تک یا

(۲) پنسلین کرسٹلائین Peenicilim Crystalline پانچ لاکھ یونٹ صبح اور پانچ لاکھ شام دس دن تک یا

(۳) آگسینٹین گولیاں Augirentab ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک شام لمبا علاج کریں۔

(۴) اگر پنسلین اثر نہ کرے تو دوسرے اینٹی بائیوٹک آزمائیں۔

(۵) ڈایاتھرمی جوڑوں پر بعض اوقات مفید رہتی ہے

(3) اکیوٹ ریوماٹائیڈ آرتھرائی ٹس: یہ بیماری اکیوٹ ریومائزم سے ملتی جلتی ہے فرق یہ ہے کہ پہلے عموماً چھوٹے جوڑ متاثر ہوتے ہیں اور کئی جوڑ بیک وقت متورم ہوجاتے ہیں۔ بیماری عام طور پر دونوں اطراف یعنی دونوں بازوؤں اور دونوں ٹانگوں کے جوڑوں میں پائی جاتی ہے یہ بیماری آہستہ آہستہ آتی ہے اور عرصہ دراز تک چلتی ہے۔ اس بیماری میں بھی قلب کے عضلات متاثر ہوسکتے ہیں۔ یہ بیماری مردوں کی نسبت عورتوں میں زیادہ پائی جاتی ہے عام طور پر تیس اور چالیس سال کے درمیان شروع ہوتی ہے لیکن ہر عمر میں بھی دیکھی جاسکتی ہے۔ اس کے برعکس اکیوٹ ریومائزم اوائل عمر میں زیادہ دیکھا جاتا ہے۔ ہاتھ کی انگلیوں اور کلائی کے علاوہ یہ بیماری پاؤں کی انگلیوں' ٹخنے اور گھٹنے کے جوڑ میں بھی اکثر دیکھی جاتی ہے۔ اس بیماری میں جوڑوں میں درد رہتا ہے۔ خاص طور پر لیٹ کر اٹھنا یا بیٹھ کر اٹھنا زیادہ تکلیف دیتا ہے کچھ دیر چلنے پھرنے کے بعد درد کچھ کم ہوجاتا ہے جوڑ متورم نظر آتے ہیں اور ان کے اوپر اور نیچے والے عضلات عموماً سوکھ جاتے ہیں جوڑ کی شکل متورم ہوکر بیضوی ہوجاتی ہے جلد اوپر سے چمکدار اور سرخ ہوسکتی ہے بلکہ پرانے مریضوں میں جلد خشک اور کاغذ کی طرح پتلی ہوجاتی ہے اور اس میں سے لچک ختم ہوجاتی ہے جوڑ آہستہ آہستہ خراب ہوکر بدشکل ہونے لگتے ہیں انگلیاں بعض جگہ سے کھل اور بعض جگہوں سے بند رہتی ہیں اور ٹیڑھی ہوجاتی ہیں۔ کلائی کا جوڑ بھی عموماً ٹیڑھا ہوجاتا ہے اور ہاتھ النا Ulna ہڈی کی طرف کو مڑ جاتا ہے۔ مریضوں کی صحت پر بھی برا اثر پڑتا ہے۔ ہلکی حرارت بھی رہ سکتی ہے۔ لیکن پرانے مریضوں میں حرارت دیکھنے میں نہیں آتی۔ بھوک کم لگتی ہے وزن گھٹتا رہتا ہے۔ صحت خراب رہتی ہے۔ نیند کم آتی ہے۔ بلڈ ای ایس آر (Blood E.S.R) زیادہ ہوجاتا ہے۔ اس مرض کی وجوہات پوری طرح ظاہر نہیں ہوسکیں۔ کچھ مریض ریومائیزم کی وجہ سے بھی ہوسکتے ہیں۔ غذا میں بے قاعدگی ورزش کی کمی زیادہ کھانا اور غیر متوازن غذا کھانا وٹامنز کی کمی مشروبات کا زیادہ استعمال' موٹاپا وغیرہ اس کے اسباب میں شامل کئے جاسکتے ہیں۔ بعض معالجین کے خیال میں جسم انسانی کے کسی حصہ میں کسی قسم کی پرانی انفیکشن جیسے مسوڑھوں کی خرابی' گلے کی خرابی' پرانا اپنڈے سائی ٹس' پرانا پتے کا ورم بھی اس کا سبب بن سکتے ہیں اس لئے مریض کا علاج کرتے وقت ان باتوں کا بخوبی خیال رکھنا ضروری ہوتا ہے۔

علاج: ریوماٹائیڈ آرتھرائی ٹس اور ریومائزم کی قسم کی بیماریوں کے بارے میں خیال یہی ہے کہ یہ آٹو ایمیون یا ایمیون ڈیفکشن قسم کی بیماریاں ہوتی ہیں چنانچہ ان کے علاج کیلئے زیادہ بھروسہ زیادہ تر نان سٹی رائیڈل اینٹی انفلے میٹری ڈرگز (ایس ایس اے آئی ڈی) پر کیا جاتا ہے یہ ادویات دافع سوزش اور دافع درد اثرات دیتی ہیں اگرچہ ساتھ معدے کے زخم کا خطرہ رہتا ہے بعض اوقات ریومیٹک پراسیس آسانی سے کنٹرول میں نہیں آتا اور جوڑوں کے نقصان کو روکنا ناممکن ہوجاتا ہے اور کارٹی کوسٹی رائیڈز سے مدد لینی پڑسکتی ہے لیکن علامات کنٹرول ہوتے ہی ان ادویات کی ٹیپرنگ کرکے بند کردینا چاہئے اس کے علاوہ فزیوتھراپی' ڈایاتھرامی انفراریڈ ریز یا دیگر طریقوں سے سینکائی ایسڈ مشروبات سے اجتناب وزن کی زیادتی اگر ہو تو اسے کنٹرول کرنا انفیکشن کنٹرول کرنا ضروری گنے جاتے ہیں (۲) بروفین آئی بوپروفین ۶۰۰ ملی گرام (Brufen 600 Mg) ایک صبح ایک شام (۳) پریڈنی سولون ڈیٹا کارٹریل (Predne solones Mgtabs) ۱-۳ گولیاں دن میں تین دفعہ آہستہ آہستہ کم کرتے جائیں۔ (۴) پیری سون (پروکوازون) کیپسول ۲۰۰ ملی گرام ایک کیپسول صبح ایک شام کھانے کے ساتھ اور پرونی ٹڈ Profenid 100 Mg Tab اس کے ساتھ جیلوسل یا ٹرائی سل ضرور استعمال کروائیں تاکہ تیزابیت زیادہ ہونے سے معدے کو نقصان نہ پہنچے۔

(۵) وولٹے رین (ڈائی کلوفنی لیک) ۵۰ ملی گرام گولیاں یا ٹیکہ ایک گولی صبح ایک شام (۶) کلوروکوئین سائی ٹوٹاکسیک ڈرگز (امیزاتھایورین میتھوٹریکیٹ) وغیرہ بلکہ گولڈ سالٹس سوڈیم آروتھائیومے لیٹ انجیکشن ۵۰ ملی گرام ہر ہفتے' لیوامی سول جوکہ پیٹ کے کیڑے بھی نکال سکتی ہے۔ ڈپوٹائپ کارٹی کوسٹی رائیڈ انجکشن جوڑ کے اندر یا آٹوسیموتھراپی ۵۰۲ سی سی مریض کا خون نکال کر انٹرامسکیولر انجکشن کولہے میں ہفتہ میں ۱-۲ بار آہستہ

آہستہ مقدار بڑھائی جاتی ہے۔ یہ سب ادویات کا استعمال مختلف مواقع پر کیا جاتا رہا ہے۔ بلکہ سوڈیم سیلی سیلیٹ اور اسپرین وغیرہ اور سلفا سیلازین السریٹو کولائی ٹس میں بھی مستعمل ہے۔ ڈیپ سون وغیرہ بھی کبھی کبھار استعمال ہوتے ہیں۔

(4) آسیٹو آرتھرائی ٹس: جوڑوں کی یہ بیماری عام طور پر چالیس سال سے بعد کی عمر میں شروع ہوتی ہے عموماً ایسے لوگ اس کا شکار ہوتے ہیں جو کہ ساری زندگی بھاری کام کرتے رہتے ہوں زیادہ تر موٹی اور بھاری بھاری بھرکم عورتیں اور ایسے مرد جن کا وزن زیادہ ہو اس مرض کا شکار ہوتے ہیں یہ مرض آہستہ آہستہ بڑھتا ہے اور شروع میں اس کی کوئی خاص تکلیف نہیں ہوتی دراصل ہڈیوں کے سرے گھسنے شروع ہو جاتے ہیں جس کی وجہ سے آپس میں رگڑ کھانے لگتے ہیں ہڈیوں کے کنارے بڑھ جاتے ہیں جو کہ اکاؤ پیدا کرتے ہیں جس کی وجہ سے جوڑوں کی حرکت میں دقت پیدا ہونے لگتی ہے۔ جوڑ سخت رہتے ہیں زیادہ چلنے پھرنے سے ان میں دقت اور درد پیدا ہونے لگتا ہے بلکہ جوڑوں کی حرکت کے دوران میں ان سے رگڑ کھانے کی آواز بھی سنی یا محسوس کی جاسکتی ہے جب مرض پوری طرح ظاہر ہو جائے تو متاثرہ جوڑ پوری حرکت کے قابل نہیں رہتا۔ ایکسرے سے اس مرض کی تشخیص میں بہت مدد ملتی ہے۔ جوڑوں کے کنارے موٹے ہو جاتے ہیں جو کہ بعض اوقات ٹٹول کر بھی محسوس کئے جاسکتے ہیں۔ اس مرض میں زیادہ جوڑ متاثر نہیں ہوتے۔ بخار نہیں ہوتا جوڑ زیادہ متورم نہیں ہوتا۔ بی ایس آر زیادہ نہیں ہوتا مردوں میں زیادہ تر کندھے اور کولہے کے جوڑ متاثر ہوتے ہیں اور عورتوں میں یہ مرض زیادہ تر گھٹنوں میں پایا جاتا ہے۔ یہ مرض زیادہ عمر کے تقاضے کا نتیجہ ہوتا ہے۔ زیادہ ورزش اور چوٹیں اس کا پیش خیمہ بن سکتی ہیں۔ ایکسرے میں عموماً بہت سارے لوگوں کے جوڑ متاثر نظر آتے ہیں لیکن سب کو اس مرض کی شکایت پیدا نہیں ہوتی اس مرض کی بڑی شکایات جوڑ کی حرکت میں کمی اور زیادہ حرکت سے جوڑ میں درد شروع ہو جاتا ہے۔ اس لئے عموماً تشخیص میں دقت نہیں ہونی چاہئے یہ اس لئے بھی کہ یہ مریض عموماً بوڑھے ہوتے ہیں۔

علاج: (۱) بیوٹا کوٹ (نیٹا ئیکل بیوٹا زون) ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک شام ایک ہفتہ تک پھر ایک گولی صبح ایک شام دیں اور کچھ عرصہ بعد ایک گولی روزانہ کر دیں۔ (۲) ڈایا تھرمی حسب ہدایت ریڈیا نوجسٹ ایک کورس لگائیں۔ (۳) انفراریڈ لیمپ شعاعیں انفراریڈ لیمپ کے استعمال سے روزانہ پندرہ منٹ تک جوڑ کو گرمی پہنچائیں پھر لپیٹ دیں۔ (۴) وینٹو جینو صبح وشام مالش کریں۔ (۵) پریڈنی سولون (ڈیلٹا کارٹریل) ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک شام اگر جوڑ زیادہ درد کرتا ہو کچھ دوائیوں کے نام تبدیل ہو چکے ہیں اس دوائی کے نسخہ کے مطابق لے لیں۔

(5) ایکوٹ ریو مائزم: اس بیماری میں اکثر کسی نہ کسی جوڑ میں شدید ورم ہو جاتا ہے جوڑ سوج کر سرخ ہو جاتا ہے اس کے ساتھ ہی تیز بخار ہوتا ہے بعض اوقات جوڑ زیادہ متورم نہیں ہوتا لیکن بخار بہت تیز ہو جاتا ہے۔ ایکوٹ ریو مائزم کے حملے سے پہلے عموماً گلے کی شکایت عام طور پر ہوتی ہے یہ بیماری دراصل بچوں کو زیادہ ہوتی ہے بڑی عمر میں اس کا حملہ عام طور پر نہیں ہوتا عموماً ایک یا دو جوڑ فوری طور پر متاثر ہوتے ہیں۔ یہ بیماری جوڑوں کے علاوہ قلب پر شدید اور نہایت برے اثرات ڈالتی ہے۔ بعض اوقات قلب ساری عمر کیلئے بیکار ہو جاتا ہے یعنی اس کے والو خراب ہو جاتے ہیں۔ اس لئے اسے خطرناک بیماری تصور کرنا چاہئے اور اس کا علاج ہوشیاری سے کرنا چاہئے۔ اس مرض میں پسینے بہت آتے ہیں نبض زیادہ تیز ہوتی ہے۔ بی ایس آر اس مرض میں بھی زیادہ ہو جاتا ہے۔ بعض اوقات ایک جوڑ کے بعد دوسرا اور اسکے بعد تیسرا ایکلخت کئی جوڑ بھی متاثر ہو سکتے ہیں۔ جوڑ میں ورم ضرور ہوتا ہے۔ لیکن اس کی جلد اتنی سرخ نظر نہیں آتی جتنی کہ ریو مائیڈ آرتھرائی ٹس میں نظر آتی ہے۔ بعض اوقات جلد کے نیچے چھوٹی چھوٹی گولیاں ٹٹول کر دیکھی جاسکتی ہیں۔

علاج: (۱) ڈیلٹا کارٹریل (پریڈنی سولون) شروع میں ۳ گولیاں دن میں تین مرتبہ یعنی کل ۹ گولیاں روزانہ دیں جوں جوں درد اور بخار کم ہوتا جائے یہ گولیاں بھی کم کرتے جائیں جب درد بالکل نہ رہے تو کم سے کم مقدار جو کہ فائدے کو برقرار رکھ سکے روزانہ سنگل خوراک میں صبح ۹ بجے دے دیا کریں یہ بھی یاد رکھیں کہ کارٹی کوسٹی رائیڈز سے علاج صرف مجبوری میں کرنا چاہئے جب تکلیف بہت زیادہ ہو اور دوسری ادویات فائدہ نہ کرتی ہوں (۲) بروفین آئی بو بروفین گولیاں ۴۰۰ ملی گرام ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک شام اور (۳) ڈسپرین ۱۔۲ گولیاں دن میں تین دفعہ ہمراہ نیم گرم دودھ یا کھانے کے بعد تا کہ معدہ خراب نہ ہو (۴) سائی بے کو گولیاں ایک گولی دن میں تین بار (۵) سوڈا سیلی سیلاس مکسچر اور ڈایا فوریٹک مکسچر بھی دیئے جاسکتے ہیں۔ مریض ٹھنڈے مشروبات سے پرہیز کرے۔ ٹھنڈ نہ لگنے دے گلے پڑنے کا فوراً اور مکمل علاج کرنا بھی اشد ضروری ہوتا ہے۔ (۶) ریومیٹک فیور میں بخار تیز ہو جایا کرتا ہے اور کسی دوائی کو نہیں مانتا۔ دردیں مختلف جگہوں پر مریض کو ہوتی ہیں لیکن مریض کے ہوش وحواس صحیح نہیں ہوتے اس لئے وہ دردوں کا ذکر نہیں کرتا۔ ہوش وحواس ٹھیک کرنے کیلئے گلوکوز (ڈیکسٹروز) ۵ فی صد نارمل سیلائین کے ساتھ ڈرپ روزانہ لگائیں۔

اس سے پیشاب زیادہ آ کرتا کیسا کم ہو جائے گا۔ مریض کے حواس ٹھیک ہو جائیں گے اور درد بتانے کے قابل ہو جائے گا جس سے تشخیص آسان ہو جاتی ہے۔

اب میں آپ کو نقوش و عمل وجع الاعصاب کے متعلق چند معروضات پیش کرتا ہوں۔

(1) عمل عرق النساء :عرق النساء کا درد کمر سے ابتداء کرتا ہے اور ٹخنہ تک درد ہوتا رہتا ہے۔ اور ہفتوں مہینوں اور بعض کو تو سالوں تک درد ہوتا رہتا ہے۔ عمل عرق النساء کو روزانہ گیارہ مرتبہ لکھ کر کمر میں باندھیں یہ عمل مقررہ جگہ پر باندھتا رہے جب تندرست ہو جائے تو سب کو کھول کر پانی جاری میں ڈال دے۔ عمل عرق النساء یہ ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم o اللھم رب کل شئ و خالق کل شئ انت خلقتنی و خلقت عرق النسا نی ولا تسلط علی ولا تسلطنی علیہ بقطع و اشفینی شفاء لا یغادر سقمالا شافی الا انت اللھم انی اسئلک باسمک فلان بن فلان یا علیم یا عظیم یا حکیم لا الہ الا انت سبحانک۔

اس نقش کو بادی چال سے پر کریں مجرب ہے۔

معہ عے معہ

عے ا	عہ ا	ے ا
ے ا	صہ ا	معہ ا
للھم ا	لعہ ا	عسا ا

(2) یہ نقش ہر درد کیلئے مجرب ہے اس کو گلے میں باوضو لکھ کر باندھیں۔ آتشی چال سے لکھیں۔

اللھم	کنت	انت	لا
سبحانک	یا حکیم	انی	انی
یا عظیم	الہ	الظالمین	اسئلک
من	باسمئک	یا علیم	الا

(3) اگر کسی کو کسی جگہ پر درد ہو تو اس کو کہیں کہ درد والی جگہ پر اپنا داہنا ہاتھ رکھے پھر اس پر اول آخر گیارہ دفعہ درود شریف پڑھیں پھر سورۃ فاتحہ چالیس مرتبہ پڑھیں انشاء اللہ درد فوراً دور ہوگا۔ مجرب ہے۔

(4) سورۃ ناس کو اول آخر گیارہ دفعہ درود شریف کے معہ پڑھیں انشاء اللہ درد فوراً ختم ہوگا یا پھر درمیان میں اکتالیس مرتبہ پڑھیں مجرب الجرب ہے۔

(5) یہ تعویذ باوضو لکھ کر دیں اور جس کو درد ہوتا ہو وہی گیارہ یوم صبح و شام پیئے انشاء اللہ ہر قسم کے درد سے نجات ہوگی۔ تعویذ یہ ہے۔ آتشی چال سے پر کریں۔ اس تعویذ کو موم جامہ کر کے گلے میں باندھنا بھی مجرب ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اللھم انی اسئلک باسماء ک

ا	وا	ی ا	ح
ب ا	ز	ب	ج ا
و	ط	وا	ج
لا ا	د	لا	ی

فلاں بن فلاں یا علیم یا عظیم یا حکیم

(6) یہ نقش باوضو لکھ کر گلے میں ڈالیں یا درد والی جگہ پر باندھیں نقش یہ ہے۔ اس کو آتشی چال سے پر کریں۔

معہ عے معہ

عہ ا	للعہ عہ	لہ عہ	عے ا
عہ عہ	معہ ا	عا ا	عے
ے ا	لعہ ا	لہ عہ	ے ا
صہ عہ	للعہ ا	صہ ا	عہ ا

بقیہ: عالمی سیاسی پیشگوئیاں

مزید گرے گا۔ صدر کا کوئی سخت بیان عالمی میڈیا پر تنقید کا باعث بنے گا۔ حکومت صحت عامہ اور بیروزگاری کے خاتمہ کیلئے اعلیٰ سطح پر کوششیں تیز کر دیگی۔ کینیڈا میں بھی عوام کا معیار زندگی بلند کرنے کیلئے حکومت مراعات دے گی۔ سٹاک شیئرز میں اُتار چڑھاؤ رہیگا۔ اندرون ملک ہنرمند اور سرمایہ کاروں کو نرم پالیسی کے تحت شرح تعداد امیگریشن میں اضافہ ہوگا۔

روحانی عملیات

چھوٹے قد کو بڑا کریں

☆......تحریر: لئیق احمد انجم

محترم قارئین کرام! ماہنامہ آئینہ قسمت میں پہلی مرتبہ خاص مجرب عمل برائے چھوٹے قد کو بڑا کریں لے کر حاضر خدمت ہوں یہ عمل اسمائے حسنی کا ہے عرصہ پانچ سال سے لوگوں کی خدمت خلق کرنے کے بعد آئینہ قسمت کے قارئین کی نظر کر رہا ہوں قرآن پاک اللہ تبارک تعالیٰ کی طرف سے بھیجا گیا ایسا نسخہ ہے جس میں ہر مرض کا علاج موجود ہے انسان جب دُنیاوی علاج سے لاعلاج ہوتا ہے قرآن پاک اُس کے لئے آخری سہارا ہوتا ہے اس دورے بے کساں میں ایک عظیم کار خیر اللہ کی مخلوق کو اللہ کی طرف راغب کرنے کے سوا اور کچھ نہیں قارئین کرام یہ عمل اسمائے حسنی کا ایسا گوہر ہے جو مدتوں خدمت اور غلامی کے باوجود بھی نہیں ملتے ایسے عمل نہ تو کتابوں میں پائے جاتے اور نہ ہی عاملین اور کاملین کی بیاضوں میں بلکہ یہ تو سینے کے راز ہیں اس عمل کے بعد آپ کی خدمت میں آئندہ موٹا پا کم کرنے کا عمل پیش کرونگا انشاء اللہ چھوٹا قد پیدائشی ہو یا کسی بیماری کی وجہ سے چھوٹے قد والے کو معاشرے میں اپنے قد کی وجہ سے احساس محرومی رہتا ہے دوست دوستوں کا مذاق اُڑاتے ہیں سرراہ مذاق چھوٹو۔ کوڈو کی آوازیں تقریبات میں جانے سے شرم محسوس کرنا۔ میں قارئین کرام کا وقت برباد کرنا کفر سمجھتا ہوں یہ عمل میرا پانچ سال سے آزمودہ ہے چھوٹے قد والے لڑکے لڑکیاں جو قد نہ بڑھنے کی وجہ سے ناکامی کا ذکر کرتے ہیں ان کو دعوت ہے اِس عمل کو پڑھیں اور اپنے قد میں اضافہ کریں۔ عمل پڑھنے سے پہلے اپنے قد کی پیمائش ضرور کرلیں۔ طریقہ عمل حاضر خدمت ہے:

(1) وضو کرلیں پھر اگربتی خوشبو والی جلالیں۔

(2) ایک بڑی بوتل عرق سونف کی اپنے پاس رکھ لیں۔

(3) سات مرتبہ درود ابراہیمیؑ پڑھ لیں۔

(4) پھر یہ عمل اس طریقے سے پڑھیں۔

یَا اللّٰہ = 66 = مرتبہ پڑھیں۔ یَا قدیر = 314 مرتبہ پڑھیں۔
یَا بدیع = 86 مرتبہ پڑھیں۔ یَا ھُو = 11 مرتبہ پڑھیں۔
یَا ودود = 20 مرتبہ پڑھیں۔ یَا قیوم = 156 مرتبہ پڑھیں۔

بس عمل ختم ہوا درود ابراہیمیؑ سات مرتبہ پڑھ لیں پھر عرق سونف پر دم کریں۔ اور روزانہ اس طریقے سے 41 دن عرق سونف پر دم کریں۔ 41 دن بعد اس عرق سونف کو ٹوٹل 90 دن تک پیتے رہیں 90 دن میں 21 دن پڑھائی والے بھی شامل کرنے ہیں یعنی پہلے دن سے عرق سونف پانی میں تھوڑا سا ملا کر پئیں جب عرق سونف آدھی بوتل ہو جائے تو نیا عرق سونف دم کیا ہوا ڈال دیں اسی طریقے سے 90 دن تک کرتے رہیں قد بڑھنے کے لئے عمر کی کوئی قید نہیں۔ عرق سونف صبح وشام 10 ایم ایل پانی میں ملا کر پئیں۔

لوحِ فتحنامہ

☆......تحریر: عامل محمد عرفان ناز جلال پور بھٹیاں

اگر آپ چاہیں کہ بدخواہ تنگ نہ کریں۔ افسران ہمیشہ خوش رہیں اور دُشمنان آپ سے خوف زدہ رہیں رشتہ داروں میں آپ کی عزت ہو ہر مجمع میں آپ غالب آئیں تو سورۃ الفتح کی آیت 28 سے 29 مدد لے کر اپنے حالات درُست کر سکتے ہیں۔ سورۃ الفتح کی آیت " وَ کَفٰی بِاللّٰہِ شَہِیْدًا مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ بحق یَا فتّاحُ = یَا بَاسِطُ کے اعداد کا ایک مربع نوچندی جمعرات کو لوح طلائی پر پُر کر کے اپنے نام بمعہ والدہ کے حروف سے آیت شریفہ کے اطراف قَوْلُہُ الحق و لَہُ المُلک سے قائم کریں جیسا کہ جفر کا طریقہ ہے بوقت تیاری منہ میں سُچا موتی۔ سوراخ دار ضرور رکھیں تمام جفری قواعد کو مدِنظر رکھتے ہوئے صندل سرخ ولوبان کا بخور سلگائیں یہ لوح ایک عظیم فتحنامہ ہے خوش قسمت حضرات ہی اس کو تیار کر سکیں گے ہر ستارے کے شرف واوج میں لوح تیار کی جاسکتی ہے طلائی لوح کے اثرات قوی تر ہیں دھات جتنی کم قیمت ہوگی لوح کے اثرات اُتنی دیر

سے ظاہر ہوں گے خواتین وحضرات اپنے اپنے ستارے کی متعلقہ دھات پر بھی اسے تیار کر سکتے ہیں اگر قیمتی دھات کی طاقت نہیں تو سفید پاکیزہ کاغذ پر زعفران کستوری وگلاب کی تیار کردہ روشنائی سے لوح تیار کر سکتے ہیں اس صورت میں لوح تیار کرنے کے بعد سونے کا ورق اُوپر لپیٹ دیں بروز اتوار ساعت اول میں اس طریقہ سے لوح تیار کریں مثال سے سمجھاتا ہوں تاکہ آپ کو تیاری کرنے میں آسانی رہے

نام سائل بمعہ والدہ = غلام الرسول بن نوران بی بی

بسط حرفی = غ ل ا م ا ل ر س و ل ب ن ن و ر ا ن ب ی ب ی

آیت مبارکہ = وَ کَفٰی بِاللّٰہِ شَہِیْدًا مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ٥

بسط حرفی = و ک ف ی ب ا ل ل ہ ش ہ ی د ا م ح م د ر س و ل ا ل ل ہ

امتزاج = و غ ک ل ف ا ی م ب ا ا ل ل ر ل س ہ و ش ل ہ ب ی ن د ن ا و م ر ح ا م ن د ب ر ی س ب و ی ل ا ل ل ہ ب ح ق ی ا ف ت ا ح ی ا ب ا س ط

اعداد آیت = 1519 ، تفریق قانون جفر 30 مربع پُر کرنے کیلئے = 1489÷4=372 باقی ایک بچا خانہ 13 میں ایک عدد کا اضافہ کیا نقش ذیل کی چال سے پُر کریں۔ چال یہ ہے:

۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵
۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲

پس لوح فتحنامہ تیار ہے شروع تا فراغ تحریر تک خاموشی سے کام کریں پھر 561 بار آیت مبارکہ = وَ کَفٰی بِاللّٰہِ شَہِیْدًا مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ بِحَقِ یا فَتَّاحُ یا بَاسِطُ پڑھ کر لوح پر دم کریں اور اُوپر لوح کے زرد رنگ کا نیا ریشمی کپڑا لپیٹ کر اسی رنگ کے دھاگے سے سی دیں حسب توفیق صدقہ خیرات کریں پھر نوچندی اتوار کو گلے میں پہن کر آیت مبارکہ 561 بار ورد کرلیا کریں ہر روز نماز فجر طلوع کے وقت پڑھائی کیا کریں حامل لوح اس قدر جاہ وجلال پائے کہ مافوق اس کا مقصود نہیں ہوسکتا یہ لوح ایک عظیم فتحنامہ اور غیبی خزانوں کی کلید ہے حامل لوح اعتقاد کامل رکھے وہ لوگ جن کا واسطہ اکثر عوام الناس سے رہتا ہے اگر اپنے پاس رکھیں تو رجوع خلق بہت زیادہ ہو مثلاً ڈاکٹر۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

و غ ک ل ف ا ی م ب ا ا ل ل ر ل س

کھیعص

ہ و ش ل ہ ب ی ن د ن ا و م ر ح

ب ح ق ی ا ف ت ا ح ی ا ب ا س ط

حمعسق

۳۸۰	۳۷۷	۳۷۴	۳۸۸
۳۷۵	۳۸۷	۳۸۱	۳۷۶
۳۸۶	۳۷۲	۳۷۹	۳۸۲
۳۷۸	۳۸۳	۳۸۵	۳۷۳

ا م ن د ب ر ی س ب و ی ل ا ل ل ہ

وَکَفٰی بِاللّٰہِ شَہِیْدًا مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ بِحَقِّ یَافَتَّاحُ یَا بَاسِطُ

حکیم۔ دوکاندار۔ تاجران۔ وکیل وغیرہ اور دن بدن حامل لوح ترقی کرے گا عزت شہرت میں اضافہ ہوگا رزق غیب سے ملے گا قرض کی ادائیگی ہوگی میں نے ہر بات کو عیاں کر دیا ہے پھر بھی سمجھ نہ آئے تو شاہ زنجانی صاحب سے راہنمائی حاصل کر سکتے ہیں جو مومن اس لوح سے فائدہ اُٹھائے مجھ کو اور شاہ زنجانی کو دُعائے خیر سے یاد رکھے۔ میری دُعا ہے کہ تمام قارئین ماہنامہ آئینہ قسمت اس لوح سے فائدہ اُٹھائیں۔

چوکی مائی کالکاں۔ انعامی بانڈ نکلوانا

اگر آپ واقعی بہت غریب ہیں کسی سے امداد ملنے کی اُمید نہیں تو میرے بتائے ہوئے طریقے پر ایک بار عمل کریں اُمید ہے کہ فرسٹ نمبر کے حق دار ہوں گے عمل سفلی ہے لہٰذا اپنی طاقت دیکھ کر عمل کریں آیا میں یہ عمل کرسکتا ہوں یا نہیں اور یہ عمل اجازت کے بغیر ہرگز نہ کریں طریقہ عمل کا یہ ہے انعامی بانڈ یا پرچی نمبر خرید کر اپنے پاس محفوظ کرلیں اور نوچندے منگل یا جو بھی منگل آئے اس کی شام کو کلیجی بکرے کی سر سے وار کر قبرستان پھینک آئیں کلیجی پھینکتے وقت تین بار یہ فقرہ آہستہ سے کہیں (مائی کالکے تم کو میں تمہارا حصہ یہ دے رہا ہوں تم میرا کام کرنا میں تیرا حصہ یہ تجھے دیتا رہوں گا) تین بار کہہ کر گھر واپس لوٹ آئیں علیحدہ کمرے میں اپنے سامنے سامان بھینٹ جو عمل کے دوران رکھنا ہے وہ یہ ہے = کلیجی بکرا۔ حلوا سوا پاؤ۔ مدیہ 1 چھٹانک اور پھیپھڑا کلیجی اور پھیپھڑا ہر منگل کو نیا رکھنا ہوگا باقی چیزیں ہر روز نئی رکھیں پڑھائی کے دوران لوبان و گوگل کا بخور سلگائیں اور عمل سفلی کی عبارت کو **1008** بار ورد کریں جب پڑھائی ختم ہو جائے تو مدیہ اچھٹانک جو پڑھائی کے دوران سامنے رکھا تھا وہ کوئلوں پر پھینک دیں اسی طرح 9 روز تک پڑھائی کریں پڑھائی کے بعد صبح تک کسی سے بات نہیں کر سکتے۔ مگر طلوع سُورج کے بعد جو چاہیں کریں دوران پڑھائی بڑے بڑے خوفناک مناظر دکھائی دیں گے ڈراؤنی شکلیں بار بار آنکھوں کے سامنے آئیں گی۔ لہٰذا ثابت قدم رہیں آخری تین دنوں میں جسم بھاری اور اُباسیاں بہت آنے لگیں گی ذرا سا خوف کھا گئے تو سب محنت برباد ہو جائے گی۔ اس عمل میں نمبر کا ذکر کرنا ہوگا جو کہ پہلے سے خرید کر اپنے پاس محفوظ کر رکھا ہو صرف 9 دن کی محنت سے آپ کا فرسٹ نمبر نکل آئے گا اور آپ کروڑ پتی بن جائیں گے۔ نمبر نکلنے پر خدا کا شکر ادا کرنے سے نعمتیں بڑھتی ہیں نمبر لگنے کے بعد بچوں میں میٹھی چیز ضرور بانٹیں اس عمل کی اجازت ضرور لیں تا کہ آپ کی محنت رائیگاں نہ جائے۔ سفلی منتر کی عبارت یہ ہے:

حاضر ابلیس بحق رحمان فلاں قرعہ اندازی کا فرسٹ نمبر لگا شیطان میرے کہے جو سُر کریں تو آدم نوں سجدہ کریں ھاں ھاں مائی کالکاں تیرے تابع چلے یا ابلیس کرتی چلے وچ مڑھیاں دے مائی داڈیرہ (فلاں) فرسٹ نمبر لگا دے میرا کالی مایئے اتنا میرا کم نہ کریں تو اپنی ماں دا پیا دودھ حرام کریں۔ پھر ویکھاں گا کالی مایئے تیرے علم کا تماشہ۔ شیطانوں کے پیر تیرے علم کا تماشہ۔

طلسماتی عمل توشہ اصحاب کہف

☆......از تحریر: غلام کبریا کندیاں

بطور مسلمان ہم سب اصحاب کہف سے مختصراً واقف ہیں اصحاب کہف ہمارے لئے بہت متبرک، پُرنور اور پاک ہیں۔ قرآن مجید فرقان حمید میں اللہ عزوجل نے ان کی شان میں ایک طویل سورہ مبارکہ جس کا نام مبارک بھی ''سورہ کہف'' ہے۔ نازل فرمائی۔ اصحاب کہف کا قصہ (جو کہ ایک حقیقت ہے) انتہائی طویل ہے جس پر کئی ضخیم کتابیں لکھی گئی ہیں۔ عاملین و کاملین کی نظر میں ان کے اسمائے مبارک بہت بابرکت اور پُرتاثیر ہیں کئی ایسے اعمال ان اسمائے مبارکہ سے ترتیب دیئے گئے ہیں جن کی مثال ممکن نہیں۔

محترم قارئین! آپ کو شاید معلوم ہو کہ توشہ اصحاب کہف ایک تیر بہدف عمل ہے مگر ہوسکتا ہے کہ اس توشہ کے تیار کرنے کی ترکیب آپ کو معلوم نہ ہو۔ آج آئینہ قسمت کے لئے میں اس کی ایک مکمل اور جامع ترکیب تحریر کر رہا ہوں۔ دُنیا میں کوئی بھی ناممکن کام جو بشرط شریعت اجازت دیتی ہو آپ اصحاب کہف کے توشہ سے مدد لیں مجھے سو فیصد یقین ہے کہ اللہ عزوجل کے ہاں آپ کی دُعا قبول ہوگی اور مشکل دنوں میں آسانی۔ اصحاب کہف کے اس توشہ کی ترکیب بیان کرتے وقت اس بات کی وضاحت کرتا جاؤں کہ اصحاب کہف کی تعداد کے بارے سات یا آٹھ ہونے میں اختلاف ہے بعض کُتے سمیت (جو اصحاب کہف کا تھا) تعداد سات بتاتے ہیں اور بعض لوگ آٹھ یعنی سات اصحاب کہف اور آٹھواں کتا صحیح تعداد اللہ عزوجل کو معلوم ہے۔ بہتر حال آٹھ کی تعداد میں زیادہ اتفاق ہے۔ اگر آپ کو کوئی مشکل، پریشانی یا حاجت ہو تو سچے دل سے منت مانیں منت کا طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے تازہ وضو کریں وقت اور جگہ کی قید نہیں البتہ زوال کا خیال رکھیں۔ صاف کپڑے پہنیں اور مصلیٰ پر بیٹھ کر اللہ تعالیٰ کے ساتھ عہد کریں کہ اے خداوند عالم اصحاب کہف کے صدقے میری فلاں مصیبت دُور فرمایا فلاں خواہش پوری کر غرض جو کچھ ہو۔ جب میری حاجت پوری ہوگی میں

اصحاب کہف کا توشہ پورے اہتمام کے ساتھ دوں گی/گا ساتھ ہی آٹھ روپے امانت کے طور پر رکھ دے جب اللہ پاک کے ہاں مراد پوری ہو جائے تب جلد از جلد وقت نکال کر اصحاب کہف کے توشہ کا بندوبست کریں۔ جس کی خاص ترکیب اور اجزاء ذیل میں درج ہیں۔

گوشت بکرا یا بکری بالکل صاف اور بہترین بغیر ہڈی اور چھیچھڑا کے بلکہ ہڈی کا ذرہ یا گوشت پر چھیچھڑے کا نشان تک نہ ہو۔ بہترین اور صاف ستھرا گوشت ہو۔ اعلیٰ قسم کے گیہوں کا آٹا پانچ کلو۔ گوشت بھی پانچ کلو ہوگا۔ خالص دیسی گھی سوا کلو۔ سُرخ مرچ اچھٹانک دھنیا 1½ چھٹانک۔ لہسن 1½ چھٹانک' پیاز اڑھائی پاؤ۔ الائچی سفید 1½ تولہ' نمک' دارچینی گرم مصالحہ اور جاوتری حسب ضرورت ہے۔ دہی سوا کلو ان تمام چیزوں کے علاوہ کچھ نہیں ڈالنا ہے درج بالا جنس و مقدار توشہ کیلئے معین ہے۔ سارے آٹے کی روٹی پکائی جائے جبکہ باقی تمام اشیاء سے قورمہ تیار کیا جائے۔ اب قورما اور روٹیاں جب تیار ہو جائیں تب دونوں اشیاء کو برابر برابر آٹھ حصوں میں تقسیم کیا جائے۔ کسی بھی حصہ میں ذرہ بھر کی بیشی نہ ہو۔ توشہ کی تیاری میں استعمال ہونے والے برتنوں کی وضاحت ضروری ہے برتن جو توشہ میں استعمال ہوں وہ بالکل نئے ہونے چاہئے یعنی دیگچی۔ توا۔ چمچ وغیرہ۔ توشہ تیار کرنے سے قبل ان میں کوئی چیز نہ پکائی گئی ہو اور نہ ہی ان کے اندر کسی شخص نے کوئی چیز کھائی ہو۔ ورنہ توشہ قبول نہیں ہوگا۔ اب آٹھ نمازی آدمی باوضو دسترخوان پر بیٹھ کر اصحاب کہف کیلئے فاتحہ پڑھیں اس کے بعد تمام روٹیوں اور قورما کو اکٹھا کر لینا چاہیے کیونکہ کھانا آٹھ آدمیوں سے زیادہ ہے۔ حسب ضرورت بڑے برتن سے نکال کر کھایا جائے جب یہ آٹھ آدمی کھانا کھا چکیں تب گھر کے دوسرے افراد باوضو بیٹھ کر کھانا کھائیں اس کھانے کو شرابی یا حقہ پینے والا شخص نہیں کھا سکتا ہے سختی سے تاکید ہے ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ کھانے کو جتنے آدمی بھی کھائیں صرف دسترخوان پر ہی کھائیں اس جگہ سے باہر نہیں لے جا سکتے۔ بہت احتیاط کی جائے کہ کوئی ذرہ توشہ کا زمین پر نہ گرے بلکہ احتیاط سے گرے ہوئے ذرات چُن لے اسی طرح جب لوگ کھانا کھا چکیں تو ہر ایک کے ہاتھ نہایت احتیاط سے دُھلائیں جائیں اور پانی کو بھی نیچے نہ پھینکا جائے بلکہ ایک گڑھا کھود کر سب پانی اور ذرات زمین میں دفن کر دینے چاہیں۔ توشہ کے نام پر خریدی گئی کوئی بھی چیز ضائع نہیں کی جا سکتی بلکہ پیاز کے چھلکے اور وہ پانی جس سے گوشت کو دھویا گیا ہو وہ بھی احتراماً دفن کر دینا ضروری ہے الغرض اصحاب کہف کے اس توشہ کا جس قدر احترام کیا جائے گا۔ اللہ عزوجل کے ہاں اتنی جلد مقبولیت ہوگی۔ ایک اور بات' کچھ لوگ توشہ میں سات آدمی اور آٹھواں کُتے کا حصہ شامل کرتے ہیں اور کُتے کو کھلاتے ہیں ظاہر ہے کھانا ایک کُتے کے کھانے سے زائد ہے دوسرے کُتے تلاش کر کے ان کو کھلایا جاتا ہے بعض لوگ اصحاب کہف کے ساتھ کُتے کی نسبت کی وجہ سے ایک حصہ قورمہ اور روٹیوں سے علیحدہ کر لیتے ہیں میں یہ نہیں کہتا کہ یہ غلط ہے مگر اس سے اصحاب کہف کے بابرکت اور پُر نور توشہ کی بے حرمتی کا شاید احتمال ہے اس لئے میں ہمیشہ صرف نمازی آدمیوں کو شامل کرنے کی ہدایت کرتا ہوں۔ اللہ عزوجل توشہ اصحاب کہف دینے کی توفیق عطا فرمائے اور اصحاب کہف کے صدقے تمام مسلمانوں کی دینی و دنیاوی خواہشات پوری فرمائے آمین۔

ترکِ عادتِ بد

☆......از تحریر: ابوالغازی جاوید جعفری۔ لاہور

یہ عمل خصوصاً اُن لوگوں کو راہِ راست پر لانے کیلئے ہے جو افعال یا ناجائز مثلاً چوری' زنا اور شراب خوری میں مبتلا رہتے ہیں۔ اس میں اس قدر تاثیر ہے کہ پہاڑ بھی ریزہ ریزہ ہو کر اُڑ جاتے ہیں۔ لیکن ضرورت ہے یقین کامل کی۔

آیت اِهدنا الصراط المستقیم اور یا هَادِیُ کے اعداد بموجب ابجد قمری نکالیں پھر اس شخص کے نام معہ اسمِ مادر اعداد نکال کر تمام جمع کر لیں اِن کو مربع نقش اِس چال سے پُر کریں۔

۵	۱۰	۱۵	۴
۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹

کل اعداد سے 30 عدد تفریق کر کے باقی کو چار پر تقسیم کریں حاصل قسمت کو خانہ اوّل میں رکھ کر نقش پُر کریں۔ بعد از تقسیم اگر باقی ایک ہو تو خانہ نمبر 13 میں دو ہو تو خانہ نمبر 9 میں تین ہو تو خانہ نمبر 5 میں ایک ایک کا اضافہ کر لیں۔ لکھنے کا طریقہ یہ ہوگا کہ جس شخص پر عمل کیا جا رہا ہے اس کا ستارہ معلوم کریں اگر تاریخ پیدائش یاد نہ ہو تو پھر اس شخص کے نام کے اعداد معہ والدہ بارہ پر تقسیم کر کے جو برج معلوم ہو اس کے متعلقہ ستارہ کو ہی اس کا ستارہ تصور کریں اور جس وقت اس ستارہ کے ساتھ قمر کی نظر تثلیث ہو اس ستارہ کی ساعت میں 11 عدد نقش لکھ کر اس کو پانی یا شربت وغیرہ میں گھول کر روزانہ پلایا کریں اگر

اس کو پہنا سکیں تو ایک اور تعویز لکھ لیں اور گلے میں ڈال دیں نقش کے نیچے حسب ذیل عبارت تحریر کریں۔

اِھدنا الصراط المستقیم اور یا ھَادِیُ فلاں بن فلاں کی فلاں بُری عادت ختم ہو جائے۔ عادت مختصراً لکھیں جس کا چھڑوانا مطلوب ہو۔ اِنشاء اللہ وہ شخص بُری عادتوں سے یقینی باز آ جائے گا اور توبہ کرلے گا۔

رفع افلاس

جو شخص بے روزگار ہو، مفلسی میں گرفتار ہو، قرض نے پریشان کر رکھا ہو یا کاروبار رُک گیا ہو غرضیکہ کسی وجہ سے مالی مصائب نے گھیر رکھا ہو تو ذیل کا عمل کرنا چاہئے۔ حریص کیلئے تو دنیا کی دولت بھی کم ہے۔ ضرورت مند نادار اور لاچار شخص کیلئے یہ عمل ہے۔ نوچندی جمعرات کو بعد نمازِ عشاء غسل کریں خوشبو لگائیں اور ایک چادر احرام کی صورت باندھ کر سر ننگا رہے تنہائی کی جگہ مصلے پر بیٹھ جائیں۔ لوبان اور صندل کا بخور روشن کریں۔ دس پرزے کاغذ کے علیحدہ علیحدہ کر کے ہر پرزے پر یہ حروف لکھیں ک۔ ھ۔ ی۔ ع۔ ص۔ ح۔ م۔ ع۔ س۔ ق۔ ان دس پرزوں کو اکٹھا کر کے مصلے کے کونے پر رکھدیں۔ پہلا پرزہ ک والا نظر کے سامنے رکھ کر پہلے تین مرتبہ درود شریف پڑھیں پھر ک کے اعداد کے مطابق 20 مرتبہ یہ آیت شریف پڑھیں:

وَ ضَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ o

پھر تین مرتبہ درود شریف پڑھیں اور اس پرزے کو مصلے کے دوسرے کونے پر رکھ دیں۔ دوسرا پرزہ اٹھا کر اس حرف کے اعداد کے مطابق آیت شریف پڑھیں اور اسی طرح ہر پرزہ کو نظر کے سامنے رکھ کر حرف کے اعداد کے مطابق آیت پاک پڑھیں لیکن ہر بار اول و آخر تین مرتبہ درود شریف ضرور پڑھیں۔ جب دس کے دس پرزے ختم ہو جائیں تو فوراً سجدہ میں جا کر سو مرتبہ یا رزاق کہیں اور تعداد پوری ہونے پر سجدہ سے سر اٹھا کر خلوصِ دِل سے خشوع و خضوع سے رزقِ حلال و طیب کیلئے دعا کریں۔ انتہائی عاجزی انکساری و یکسوئی سے خدا سے دعا مانگیں اگر آپ کے دِل میں سوز آنکھوں میں حقیقی طلب کے آنسو ہوں گے تو قدرت آپ کے لئے دس دِن میں رزق کے دروازے کھول دے گی اور غیب سے سامان پیدا ہونگے قرض سے رہائی نصیب ہوگی۔ روزگار کا انتظام ہوگا۔ اس عمل کا کل چلہ تیس یوم ہے کہ تیس یوم پورے کریں نہ معلوم قدرت کس وقت انتظام کر دے انشاء اللہ قدرت کا انعام ضرور حاصل ہوگا۔ پہلے دِن غسل کرنا ہے اس کے بعد ہر روز ضروری نہیں البتہ ہر دس دن کے بعد جبکہ ک آئے گا پھر غسل کرنا ہوگا اس عمل کو بعد از نماز عشاء یا قبل از نماز فجر کر سکتے ہیں عمل کرنے سے پہلے دو رکعت نماز نفل قضائے حاجت کی روزانہ پڑھا کریں۔

جام جہاں نما

لکھنے اور تجربہ کرنے والوں نے اس فالنامہ کی تعریف میں صفحہ کے صفحہ سیاہ کئے ہیں اور اس کو بے نظیر اور نہایت مجرب تسلیم کیا ہے۔ مگر میں صرف اس قدر لکھوں گا کہ ذیل کا فالنامہ حل المشکلات ہے خدا چاہے تو ہر کام میں صحیح رہنمائی حاصل کرے گا۔ یہ انعام رب العالمین کا ہے کہ ہر شخص اس سے فیض پا سکتا ہے۔ ترکیب اس کی یہ ہے کہ ذیل کے نقش کو ایک سادہ کاغذ پر لکھ کر قینچی سے تمام حروف علیحدہ کریں۔ پھر ایک کو دوسرے پر رکھ کر سب پرزوں کو جن پر ایک ایک حرف لکھا ہے بنڈل بنالیں اور اسی طرح پانی میں ایک ساتھ چھوڑ دیں جو کاغذ بہتا ہوا سب سے آگے نکل جائے اس کاغذ کو اٹھا لیں اور دیکھیں کہ کون سا حرف اس پر لکھا ہے اس حرف کو ملفوظی کریں یعنی جس طرح بولا جاتا ہے مثلاً "م" کا حرف ہے تو اس کا تلفظ میم ہوگا اور "ع" کا عین اس کو ملفوظی کرنا کہتے ہیں۔ اُس ملفوظی کے آگے لفظ ایل بڑھا دیں مثلاً "م" کا کاغذ سب سے آگے نکلا تو آپ نے م کو ملفوظی کیا تو ہوا میم اس کے آگے ایل بڑھایا تو بنا میمایل اب اس کے اعداد بحساب ابجد قمری نکالیں رات کو سوتے وقت اس اسم کو اتنی مرتبہ پڑھیں جتنے اس کے اعداد ہیں۔ ابجد قمری کی جدول آپ کو ماہنامہ آئینہ قسمت اور زنجانی جنتری سے بآسانی مل جائے گی۔ پڑھتے وقت اپنے مقصد کو دھیان میں رکھیں جس کے لئے آپ نے عمل کیا ہے اور ختم ہونے کے بعد بھی اس مؤکل کو اپنے مطلب کو کہیں اور اس مطلب کے خیال میں سو جائیں انشاء اللہ تعالیٰ اُسی رات تمام واقعہ تفصیل سے معلوم ہو جائے گا۔ خدا نہ کرے اگر کسی وجہ سے کامیابی نہ ہو تو دوسرے دِن کریں پھر تیسرے دن کریں انشاء اللہ تمام حال آئینہ کی طرح معلوم ہوگا۔ یہ مؤکل ہمیشہ آپ کو خواب میں حالات سے آگاہ کرے گا جو کچھ بھی اپنے متعلق یا پوشیدہ معاملات سے متعلق معلوم کرنا ہو اسی طرح کیا کریں۔ نقش یہ ہے:

ا	د	ہ	و	ح	ط	ک
ز	ب	ج	ع	ص	س	ر
ی	ل	ن	م	ف	ظ	ض
خ	ث	ت	ش	ق	ذ	غ

حروف کے ذریعہ جسمانی علاج کا روحانی حل

☆......از تحریر: قیصر احمد بی۔اے (کراچی)

حروف قمری جن کی تعداد 28 ہے۔ امراض جسمانی کو دُور کرنے میں اللہ کے فضل و کرم سے تیر بہدف ثابت ہوتے ہیں۔ جسمانی بیماری خواہ کسی بھی نوعیت کی ہو اور کتنی بھی شدید ہو اس کو روحانی علاج کے ذریعہ دفع کیا جاسکتا ہے۔ شرط یہ ہے کہ معالج اور مریض دونوں اللہ پر اور اس کی قدرتِ کاملہ پر بھروسہ رکھتے ہوں اور یہ عقیدہ ہو کہ ہر کام میں تاثیر رکھنے والا باری تعالیٰ ہے اور اس کی رضا کے بغیر اس دُنیا میں جو اگرچہ اسباب کی دُنیا ہے کچھ بھی نہیں ہوسکتا۔ صحیح اسباب اختیار کرنے کے بعد بھی مقاصد میں کامیابی اسی وقت ملتی ہے جبکہ اللہ تعالیٰ کی مرضی شامل حال ہو ورنہ انسان کو صحیح تدابیر اختیار کرنے کے بعد بھی محرومی کے سوا کچھ ہاتھ نہیں آتا۔ جسمانی امراض کا روحانی علاج کم سے کم اس یقین کے ساتھ کرنا چاہئے جس یقین کے ساتھ حکیم اور ڈاکٹر کی دوا لی جاتی ہے۔ جسم انسانی چار عناصر سے مرکب ہے۔ مٹی، پانی، ہوا اور آگ۔ 28 حروف باذن اللہ ان چاروں عناصر پر حکمران ہیں اور انسان ان چاروں عناصر پر حکمران ہے گویا کہ انسان کے اعضاء اور جسمانی حصے ان 28 حروف کے پابند ہیں۔

حروف کا نقشہ تفصیل

سیارگان	آتشی	بادی	آبی	خاکی	تفصیل
زحل	ا	ب	ج	د	ان چاروں کی حکمرانی سر پر ہے
مشتری	ہ	و	ز	ح	ان کی حکمرانی داہنے بازو پر ہے
مریخ	ط	ی	ک	ل	ان کی حکمرانی بائیں بازو پر ہے
شمس	م	ن	س	ع	ان کی حکمرانی پشت پر ہے
زہرہ	ف	ص	ق	ر	ان کی حکمرانی شکم پر ہے
عطارد	ش	ت	ث	خ	ان کی حکمرانی داہنی ران پر ہے
قمر	ذ	ض	ظ	غ	ان کی حکمرانی بائیں ران پر ہے

صفرا = آگ خوا کی = ہوا بلغم = پانی سودا = مٹی

ا ب ج د : یہ نقش خصوصاً پاگل پن، سر کے بالوں سے گردن تک سب امراض کیلئے مثلاً بالوں کا گرنا، ضعفِ دماغ، حافظے اور یادداشت کی کمزوری، دردِ دانت، دردِ کان، امراضِ چشم، آواز کا بند ہوجانا، زبان کے چھالے، امراضِ حلق وغیرہ غرضیکہ جو امراض گردن سے سر کے درمیان کے ہوں ان سب میں یہ نقش مفید ثابت ہوتا ہے۔ اس نقش کو زحل کی ساعت میں لکھنا چاہئے۔ جن حضرات کو ساعتوں کا علم نہیں وہ شنبہ (ہفتہ) کے دن سورج نکلنے کے بعد تک گھنٹے کے اندر اندر یہ نقش تیار کرلیں۔ گلے میں ڈالنے کی تلقین کریں۔

اجب یا اسرافیل بحق الف

اجب یا کلکائیل بحق جیم

ا	ب	ج	د
د	ج	ب	ا
ب	ا	د	ج
ج	د	ا	ب

اجب یا جبرائیل بحق با

[illegible]

ہ و ز ح : یہ نقش دائیں ہاتھ کے ناخن سے لیکر نصف سینے تک کسی بھی مرض اور درد میں باذن اللہ موثر ثابت ہوتا ہے۔ فالج اور لقوے میں بھی یہ نقش موثر ہے۔ اس نقش کو ساعت مشتری میں لکھیں۔ جن حضرات کو ساعتوں کا علم نہیں ہے وہ جمعرات کے دن سورج نکلنے کے بعد ایک گھنٹے کے اندر اندر یہ نقش لکھ لیں اور مریض کو دائیں بازو پر باندھنے کی تاکید کریں۔

اجب یا دوریائیل بحق ھا

اجب یا شمس فائیل بحق ب

ہ	و	ز	ح
ح	ز	و	ہ
و	ہ	ح	ز
ز	ح	ہ	و

اجب یا رقمائیل بحق واؤ

[illegible]

ط ی ک ل : یہ نقش بائیں ہاتھ کی انگلی سے لیکر نصف شانے تک ہر قسم کے درد اور تکلیف میں باذن اللہ موثر ثابت ہوتا ہے اور دِل کے تمام امراض میں بھی موثر ہے۔ اس نقش کو مریخ کی ساعت میں لکھیں۔ یا منگل کے دن سورج نکلنے کے بعد ایک گھنٹے میں یہ نقش لکھ لیں اور بائیں بازو پر باندھیں۔

اجب یا اسمائیل بحق طا

اجب یا حروزائیل بحق کاف

ط	ی	ک	ل
ل	ک	ی	ط
ی	ط	ل	ک
ک	ل	ط	ی

اجب یا اسرا کیطائیل بحق یا

[illegible]

م ن س ع : درد کمر، پھیپھڑوں کی تکلیف، دق، سل، جریان، احتلام وغیرہ میں یہ نقش باذن اللہ موثر ثابت ہوتا ہے۔ اس نقش کو ساعت شمس میں لکھنا چاہئے جو حضرات ساعتوں کے علم سے واقف نہیں ہیں وہ اس نقش کو اتوار کے دن سورج نکلنے کے بعد ایک گھنٹے کے اندر اندر لکھ لیں۔ نقش یہ ہے:

اجب یا روپائیل بحق میم

اجب یا ھمواکیل بحق سین

م	ن	س	ع
ع	س	ن	م
ن	م	ع	س
س	ع	م	ن

اجب یا جبرائیل بحق نون

[illegible]

ف ص ق ر : درد شکم، ناف کا ٹلنا، آنتوں کے زخم، جملہ امراض پیٹ، السر وغیرہ میں یہ نقش باذن اللہ مفید ثابت ہوتا ہے۔ اس نقش کو ساعت زہرہ میں لکھنا چاہئے۔ جن حضرات کو ساعتوں کا علم نہیں ہے وہ اس نقش کو جمعہ کے دن سورج نکلنے کے بعد ایک گھنٹے کے اندر اندر لکھیں۔ نقش یہ ہے:

اجب یا سرحائیل بحق فا

اجب یا اھمواکیل بحق را

ف	ص	ق	ر
ر	ق	ص	ف
ص	ف	ر	ق
ق	ر	ف	ص

اجب یا ھمجائیل بحق صاد

[illegible]

ش ت ث خ : دائیں پاؤں کی انگلی سے لیکر دائیں ران تک عرق النساء وغیرہ اور تمام امراض کیلئے یہ نقش انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ دے گا۔ ساعت عطارد میں لکھیں۔ نقش یہ ہے:

اجب یا ھمرائیل بحق شین

اجب یا مھکائیل بحق خا

ش	ت	ث	خ
خ	ث	ت	ش
ت	ش	خ	ث
ث	خ	ش	ت

اجب یا عزرائیل بحق تا

[illegible]

ذ ض ظ غ : بائیں ران سے لیکر بائیں پاؤں کی انگلی تک ہر قسم کی تکلیف میں مثلاً عرق النساء، جوڑوں کا درد، پنڈلیوں کی تکالیف وغیرہ میں یہ نقش باذن اللہ مفید ثابت ہوتا ہے۔ ساعت قمر میں اس نقش کو لکھنا چاہئے۔ جو حضرات ساعتوں کے علم سے ناواقف ہوں وہ اس نقش کو پیر کے دن سورج نکلنے کے بعد ایک گھنٹے کے اندر اندر لکھیں۔ نقش یہ ہے:

اجب یا ھرطائیل بحق ذال

اجب یا جائیل بحق غین

ذ	ض	ظ	غ
غ	ظ	ض	ذ
ض	ذ	غ	ظ
ظ	غ	ذ	ض

اجب یا عطکائیل بحق ضا

[illegible]

نوٹ: اگر مرض شدید ہو تو ہر طرح کے مریض کو گیارہ تعویذ پینے کیلئے دیئے جائیں انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

جسمانی امراض اور روحانی حل

☆......از تحریر: محمد ارشد قریشی۔ ملتان

معزز قارئین آئینہ قسمت! یہ شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی صاحب کی شفقت ہے جن کی وساطت سے آپ کی خدمت میں اپنا برسوں کا آزمایا ہوا طریقہ علاج روشناس کرا رہا ہوں۔ یہ عمل مجھے اپنے ایک دوست محمد ایاز مزمل صاحب سے عطا ہوا ہے جو کہ ان کے سینہ کا راز ہے مگر خدمت خلق کے جذبہ کے تحت اور قارئین آئینہ قسمت کی محبت کے پیش نظر عمل متعارف کروا رہا ہوں یہ عمل علم الاعداد اور ٹیلی تھراپی کا کرشمہ ہے اور بہت کم لوگوں نے اس علم کے بارے میں قلم اٹھایا ہے میں یہ تو نہیں کہتا کہ اس سے متعلق لوگ کچھ نہیں جانتے البتہ یہ بات حیرانی والی ضرور ہے کہ اب تک اس موضوع پر قلم کیوں نہیں اٹھایا گیا خیر اپنی محدود معلومات اور طویل تجربہ کے تحت اس موضوع پر قلم اٹھانے کی حقیری سی کوشش کر رہا ہوں۔ گر قبول افتذ زہے عزوشرف۔

درج ذیل جدول میں بیماریوں کے نام اور ان کے علاج کیلئے اعداد لکھ رہا ہوں، کسی بھی پن وغیرہ سے مریض کے دائیں بازو کی کلائی پر متعلقہ اعداد لکھ دیں انشاء اللہ آدھ گھنٹہ بعد آپ حیران کن نتائج سے ہمکنار ہونگے اور مریض شفایاب ہو جائیگا بعد از شفاء مجھ سمیت شاہ

زنجانی صاحب کے حق میں دعائے خیر ضرور فرمائیں۔

شمار	نام امراض	علاج امراض متعلقہ اعداد
1	گلے میں ہر قسم کا درد ختم کرنے کیلئے	812-212-66-4
2	مچھر کے کاٹنے	812-212-66-5
3	آگ یا گرم پانی سے جلنا	812-212-66-6
4	ہوائی جہاز۔بس وغیرہ میں اُلٹی ہونا	812-212-66-7
5	لو بلڈ پریشر کیلئے	812-212-66-12
6	ہائی بلڈ پریشر کیلئے	812-212-66-13
7	یرقان (پیلیا) ختم کرنے کیلئے	812-212-66-14
8	سخت سردی لگ جانے کیلئے	812-212-66-24
9	فالج کا علاج	812-212-66-26
10	شوگر کنٹرول کرنے کیلئے	812-212-66-30
11	صدمہ یا خوف سے تکلیف ہونا	812-212-66-32
12	گھٹنوں کے جوڑوں کی سوجن	812-212-66-33
13	بواسیر ختم کرنے کیلئے	812-212-66-34
14	چہرے کی پھنسیاں ختم کرنے کیلئے	5-66
15	زہریلی گیس اور سوجن کیلئے	812-212-66-35

کامیابی 100%

☆......ازتحریر: فیاض حسین فیضی۔سرائے عالمگیر

قارئین آئینہ قسمت! شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی صاحب کی کمال شفقت اور مہربانی سے میرا پہلا مضمون شائع ہو رہا ہے اگر آپ نے حوصلہ افزائی کی تو مزید کچھ لکھنے کی ہمت کرونگا۔ قارئین اپنے اپنے عقیدے کی بات ہے میرا اپنا یہ عقیدہ ہے کہ جس شخص کو پنجتن پاکؑ سے سچی محبت ہوگی انشاء اللہ دُنیا اور آخرت میں اس کو کامیابی سو فیصد ملے گی۔ اس سچی محبت کے بعد آپ کوئی بھی عمل کریں پنجتن پاکؑ کا نام لے کر انشاء اللہ اس میں ناکامی نہ ہوگی لیکن عمل کرنے سے پہلے مندرجہ ذیل اصولوں کو ضرور یاد رکھیں۔

(1) کوئی بھی عمل اُستاد کی اجازت کے بغیر شروع ہرگز نہ کریں ورنہ سخت رجعت ہوگی اور اُستاد وہ ہونا چاہئے جو اس کام کا ماہر ہوا گر کوئی اُستاد نہیں مل رہا تو پھر آپ سب کیلئے سید زادوں کے در کھلیں ہیں جو ازل سے کھلیں ہیں اور ابد تک کھلیں رہیں گے۔

(2) وقت کی پابندی لازمی ہے۔ اگر رات کے نو بجے عمل کرنا ہے تو پھر نو بجے کا مطلب نو بجے ہونا چاہئے۔ دس بجے نہیں۔

(3) کمرہ پاک اور صاف ہونا چاہئے کمرے میں کوئی تصویر نہیں ہونی چاہئے اور کمرہ خوشبو سے معطر ہو۔ (4) عمل کرنے سے پہلے اپنا حصار کریں تاکہ کوئی جانی نقصان نہ ہو حصار کا طریقہ اُستاد سے معلوم کریں۔

(5) عمل میں جو پرہیز ہے وہ پرہیز لازمی کریں تاکہ آثار جلد ظاہر ہوں۔

(6) پیش آنیوالے واقعات کا ذکر اُستاد کے علاوہ کسی سے نہ کریں۔

(7) عمل شروع کرنے سے پہلے اپنے اُستاد کو عبارت ضرور سنالیں تاکہ کوئی غلطی نہ رہ جائے کیونکہ غلط عمل پڑھنے سے نفع کی بجائے نقصان ہو جاتا ہے۔

(8) قوتِ ارادی یعنی مراقبے پر عبور حاصل ہو باطن پاک ہوگا تو جلد کامیابی حاصل ہوگی۔

(9) کسی کو نقصان پہنچانے کی نیت سے عمل ہرگز ہرگز نہ کریں اگر ایسا کریں گے تو پہلا نقصان آپ کا ہوگا اور وہ جانی نقصان بھی ہو سکتا ہے۔

(10) عملیات کے قانون کے مطابق تین چلے ضروری ہیں پہلے اور دوسرے چلے میں اگر کامیابی حاصل نہ ہو تو۔

(11) یاد رکھیں عمل کو ادھورا ہرگز نہ چھوڑیں کیونکہ اس سے عمل کے اثرات آپ کے ہمراہ گھر والوں پر ظاہر ہونگے جس سے نقصان ہو سکتا ہے۔

آخر میں دعا ہے کہ اللہ پاک آپکو خدمت خلق کی نیت سے عمل کرنے کی توفیق عطا کرے اور پنجتن پاکؑ کے صدقے زلزلے سے جو فوت ہو گئے ہیں اُن کی مغفرت اور بے سہاروں پر اپنی خصوصی رحمت فرمائے۔ (آمین)

اہل گوادر کو صدمہ

شاہ زنجانی کے پیارے دوست اور اہل گوادر کی ہر دلعزیز شخصیت ڈاکٹر عبدالغفور ویٹرنری ڈاکٹر ضلع گوادر اپنے اہل خانہ کے ساتھ 27 رمضان المبارک کراچی سے گوادر بائی کار جاتے ہوئے اوتھل کے قریب بمعہ اپنی بڑی بچی ناگہانی ایکسیڈنٹ کے سبب موقع پر ہی اپنے مالک حقیقی سے جا ملے۔ تاہم چھوٹی بیٹی اور بیٹا زخمی ہوئے۔ اہل گوادر کے ساتھ شاہ زنجانی اور ان کے اہل خانہ کو بھی رنج ہوا۔ مرحوم آخری عشرہ مغفرت میں اپنے مالک حقیقی سے جا ملے بے شک یہ شہادت کی موت ہے۔ قارئین سے مرحوم کے بلندی درجات کیلئے دعا کی اپیل ہے اللہ تعالیٰ پس ماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ ☆ دیگر جناب عزیز صاحب آف کراچی کی والدہ گرامی بھی 30 نومبر انتقال فرما گئیں۔ خداوند تعالیٰ ہر دو خاندانوں کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ قارئین سے مرحومین کی بلندی درجات کیلئے ایک بار سورۃ فاتحہ تین مرتبہ سورۃ اخلاص کی اپیل ہے۔ (ادارہ)

سائباں ویلفیئر فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام پہلے سائبان ہومیو ہربل کلینک کا افتتاح

سائبان ویلفیئر فاؤنڈیشن کا منشور بغیر جہیز اجتماعی شادیوں کا انتظام معاشرہ کی ترقی' انسانی حقوق' روزگار' تعلیم' صحت' سماجی اداروں سے تعاون



''نظریہ انسانی بلڈ گروپ'' کے تحت کام کرنے والے دُنیا کے پہلے سائبان ہومیو ہربل کلینک اینڈ ڈیکسی نیشن سنٹر کی افتتاحی تقریب بمقام ایس اے رحمان سٹاپ داروغہ والا شالیمار ٹاؤن لاہور میں منعقد ہوئی۔ جس کی صدارت فاؤنڈیشن کے سینئر نائب صدر جناب عبدالرؤف صاحب نے کی۔ اس تقریب کی مہمانِ خصوصی صوبائی پارلیمانی سیکرٹری بیگم ریحانہ جمیل نائب صدر پاکستان مسلم لیگ پنجاب (شعبہ خواتین) تھیں۔ علاوہ ازیں تقریب میں اس عظیم نظریہ کے بانی معروف روحانی سکالر اور محقق حضرت بابر سلطان قادری ملتانی کے علاوہ ورلڈ ہومیو آرگنائزیشن کے چیئرمین ڈاکٹر خالد محمود چوہدری' چیف ایڈیٹر ماہنامہ آئینہ قسمت شہزادہ سید انتظار حسین زنجانی' ڈاکٹر یوسف بخاری' نواب ممتاز علی خان مرید کے' صاحبزادہ مجسم عدنان قادری جنیدی گوجرانوالہ اور ڈاکٹر این اے ملک نے بطورِ مہمان شرکت کی۔

تقریب کا آغاز تلاوتِ قرآن مجید' نعت رسول مقبول ﷺ سے ہوا۔ سپاس نامہ سائبان ویلفیئر فاؤنڈیشن کے سیکرٹری جنرل اصغر کمال قادری جنیدی نے پیش کیا۔ جس میں انہوں نے ملک کی تمام یونین کونسلوں میں ایسے ہی کلینک قائم کرنے اوران کو چلانے کیلئے مقامی تنظیمیں قائم کرنے کا اعلان کیا۔ نظریہ بلڈ گروپ کے بانی جناب بابر سلطان قادری ملتانی نے نظریہ بلڈ گروپ کی افادیت اور اہمیت پر روشنی ڈالی۔ ورلڈ ہومیو آرگنائزیشن کے چیئرمین ڈاکٹر خالد محمود چوہدری نے سائبان ویلفیئر فاؤنڈیشن کے پروگرام سے اتفاق کرتے ہوئے تمام یونین کونسلوں میں ایسے کلینک قائم کرنے کے پروگرام کا خیر مقدم کیا اور وفاقی' صوبائی اور مقامی حکومتوں پر زور دیا کہ وہ ایلو پیتھک طریقہ علاج کی طرح ہومیو ہربل طریقہ علاج کیلئے بھی فنڈز مخصوص کرے تاکہ ہومیو ہربل ادویات استعمال کرنے والے لوگوں کو بھی فائدہ پہنچ سکے۔ انہوں نے اپنی عالمی تنظیم کی طرف سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کروائی۔

شہزادہ سید انتظار حسین زنجانی نے بھی اس نئی تحقیق کو سراہا اور عوام کے لئے عظیم کاوش قرار دیا۔ ڈاکٹر یوسف بخاری نے ایلو پیتھک ڈاکٹروں کو مشورہ دیا کہ اگر وہ تنقید کی بجائے نظریہ بلڈ گروپ کی تحقیق پر غور کر کے مریضوں کا علاج کریں تو وہ خود اس نظریہ کی افادیت کے قائل ہو جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ میں خود ایم بی بی ایس ڈاکٹر ہوں اور جناب بابر سلطان قادری صاحب کی اس تحقیق پر انہیں خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ مہمان خصوصی بیگم ریحانہ جمیل صاحبہ نے اپنے خطاب میں حکومت پنجاب کی طرف سے سائبان ویلفیئر فاؤنڈیشن کو مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ انہوں نے کہا کہ سائبان ویلفیئر فاؤنڈیشن کے عہدیداران کے ذریعے کسی بھی وقت صوبہ کے سربراہ وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی سے مل سکتے ہیں۔

سینئر نائب صدر سائبان ویلفیئر فاؤنڈیشن عبدالرؤف نے اپنے صدارتی خطاب میں علاقہ کے عوام سے اپیل کی کہ وہ اپنے بلڈ گروپ کی رپورٹ کے ساتھ کلینک پر تشریف لائیں اور ہیپاٹائٹس' اعصابی امراض' شوگر' بلڈ پریشر' دِل کے امراض' کینسر' بچوں اور خواتین کے امراض اور دیگر مہلک اور لاعلاج بیماریوں کا علاج کروائیں۔ آخر میں نظریہ بلڈ گروپ کے بانی جناب بابر سلطان قادری اور بیگم ریحانہ جمیل نے کلینک کا باقاعدہ افتتاح کیا۔

نوٹ: تحقیقات انسانی بلڈ گروپ غذا طب اور ہومیو پیتھی کے مفت مطالعہ کیلئے اپنی قریبی پبلک لائبریری سے رجوع کریں